ماہنامہ الحقیقہ پاکستان
جولائی 2006ء

عاشقانِ رسول ﷺ کو تہِ دل سے یہ انقلاب مبارک



عظمتِ سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ

واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا
اتحادِ ملت کی ضرورت و صورت

جنابِ صدر!
یہ کیا ہو رہا ہے
یہ کیوں ہو رہا ہے ؟
سرپرستِ اعلیٰ کا فکر انگیز اداریہ

حضور نقشِ لاثانی کی عظمت
چند ظاہری پہلو اور باطنی شواہد

قادیانی خود کو مسلمان کیوں کہتے ہیں

مجید نظامی کا نعرۂ حق

حمد و نعت

ارحم و اکرم ہے رب اور مالک و مختار بھی
رحمتِ حق ہیں نبی ، اللہ کا شہکار بھی

میرا رب ہے رب عالم اور ہے میرا نبی
بزم ہست و بود کا مقصود بھی، مختار بھی

وہ ہے رب العالمین ، یہ رحمۃ للعلمین
ہے مرا حاجت روا، اللہ بھی، سرکار بھی

ہر سیادت ان کو بخشی ہے خدائے پاک نے
سرور دیں بھی ہیں آقا، سید ابرار بھی

عظمتِ تو ید بھی دل میں رہے جلوہ فگن
ساتھ لیکن لازمی ہے الفتِ سرکار بھی

تو نے مانا ہے اگر اُن کو رسول انس و جاں
مان ان کو دو جہاں کا مالک و مختار بھی

کب ہے ربِ ولا کی شانِ خالقیت سے بعید
ہو بشر بھی اس کا پیارا ، پیکرِ انوار بھی

جن کے ہاتھوں میں ہے دامان نبی، ربِّ کریم
حشر میں جنت بھی بخشے گا انھیں، دیدار بھی

ہو مبارک عاشقِ سرکار ، مولا نے تجھے
چشم گوہر بار بھی بخشی ، دلِ بیدار بھی

ان کا شیدا قبر میں بھی زندہ جاوید ہے
موت ہے غائب یہاں سے، موت کے آثار بھی

ہے سگِ دربار مرشد آسی بے اعتبار
اس کو کافی ہے کسی کا سایۂ دیوار بھی

صلی اللہ علیہ وبارک وسلم

﴿پروفیسر محمد حسین آسی﴾

ماہنامہ الحقیقۃ

جلد نمبر 6 شمارہ 10

سرپرست اعلیٰ

محمد حسین آسی نقشبندی قادری

ثناء محمد علی مجاہد

افتخار احمد اعوان

شمس الحق زین

مجلس مشاورت

صاحبزادہ نور مصطفیٰ سعدی

علامہ شفقات احمد نقشبندی

ڈاکٹر محمد ظفر اقبال نوری

محمد ضیاء الدین صدیقی

مولوی اخلاق احمد نقشبندی

محمد اکرم

علامہ شوکت علی

فہرست

زر تعاون

پاکستان فی پرچہ 15 روپے سالانہ بذریعہ ڈاک -/150

	فی پرچہ	سالانہ چندہ
یورپ	1 پونڈ	10 پونڈ
یو ایس اے	1.5 ڈالر	15 ڈالر
عرب ممالک	3 ریال	30 ریال

پبلشر: پروفیسر محمد حسین آسی ... فون 0542-451734
ناشر: صوفی محمد آصف نقشبندی

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

یونس — ۶۲

اداریہ ترجمہ: سن لو اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ کچھ غم کلمۃ الحقیقہ

جناب صدر! یہ کیا ہو رہا ہے؟ یہ کیوں ہو رہا ہے؟

آپ مملکت خداداد اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عہدہ صدارت پر بجبر اً براجمان ہوئے اور ہیں اس کے باوجود ہماری دعا ہے کہ خداوند کریم اپنے حبیب کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے طفیل آپ کو اس مقدس عہدے کے تقاضے پورے کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہم فقیر ان کوشش نہیں اگر تنقید کرتے ہیں تو دل و دماغ کے کسی گوشے میں آپ کا عہدہ چھیننے کی ہلکی سی آرزو بھی نہیں ہوتی اور نہ ہمیں آپ کے جانشین سے پیار ہے یا ارادت و عقیدت کا کوئی جذباتی تعلق ہے کہ آپ کو ہٹا کر ہم انہیں برسر اقتدار دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ وہ حضرات بھی آپ کی طرح قوم سے بہت زیادہ مخلص نہیں ہیں۔ ممکن ہے انہیں بھی آپ جیسے اختیارات میسر ہوتے تو ملک کو تباہی کے دہانے پر کھڑا کرنے میں وہ بھی آپ سے کم نہ ہوتے۔ مثلاً حزب اختلاف میں ایک اہم نام بے نظیر بھٹو ہے۔ وہ بیچاری دو بار وزیر اعظم ہونے کے باوجود اسلام اور پاکستان سے مخلص نہیں ہو سکی۔ آپ کی طرح اس کا قبلہ علم و عمل بھی امریکہ ہی ہے۔ ناموس رسالت جیسے اہم دینی و اعتقادی مسائل کی طرف توجہ دینا اس کی فطرت تاریک کے بھی خلاف ہے۔ نواز شریف اس حد تک آوارہ مزاج نہیں۔ مگر امریکہ اس کے لئے بھی معاذ اللہ ارباب من دون اللہ میں شامل ہے۔ اس نقطہ اتفاق کے سوا دونوں ہر موڑ پر مختلف بلکہ متضاد نظر آتے تھے۔ جناب صدر! یہ آپ سرکار کی زندہ کرامت ہے کہ انہیں ایک لڑی میں پرو دیا ہے چنانچہ اب وہ یک جان دو قالب ہو گئے ہیں۔ ہاں ہاں کل تک ایک دوسرے کو غدار کہنے والے اگر آج باہم شیر و شکر ہو جائیں تو یقیناً آپ کی نگاہ کرم کی کرشمہ سازی ہے۔ اسی حزب اختلاف میں مولانا فضل الرحمن ہیں کہ اگر فضل صرف وسعت بدن سے ظاہر ہوتا ہو تو ان کے فضل الرحمن ہونے میں کیا شک ہو سکتا ہے یہ وہی حضرت شریف ہیں جنہوں نے بے نظیر بھٹو کے زمانے میں اپنی طویل و عمیق ریسرچ کے بعد اعلان فرمایا تھا کہ قیام پاکستان اس صدی کا سب سے بڑا فراڈ ہے (معاذ اللہ) اور شاید اسی بیان یا ہذیان سے خوش ہو کر بے نظیر نے انہیں امور خارجہ کی کمیٹی کا چیئرمین بنا دیا تھا۔ اس سے قبل اپنے دور میں ان کے باپ نے بے نظیر کے باپ کے دور حکومت میں اپنی بلند بختی پر ہدیہ تشکر بارگاہ خداوندی میں یوں پیش کیا تھا: "خدا کا شکر ہے ہم پاکستان بنانے کے گناہ میں شریک نہیں ہوئے" (معاذ اللہ۔ اسی لئے ان کے چھوٹے بڑے قائداعظم کو کافر اعظم کہا کرتے تھے) کیسا شاندار ہے یہ سلسلہ غداریہ (غدار ابن غدار) واقعی ایں خانہ ہمہ آفتاب است، اس قافلہ حزب اختلاف میں چوتھا نام جناب قاضی حسین احمد صاحب کا ہے جن کے فکری امام جناب مولانا مودودی ہیں۔ اور پھر مودودی صاحب کے کیا کہنے جنہوں نے ائمہ پر، مجددین پر، صحابہ عظام علیہم الرضوان پر حتی کہ انبیاء کرام علیہم السلام

تحت پر تنقید کی اور انہیں معاذ اللہ معاذ اللہ نعوذ اللہ کافر ٹھہرا کر بہت سے اردان دماغوں کو ہول قول بچے کا راستہ دکھایا۔ قیام پاکستان میں علماء احناف اور مسلم لیگ کے چھوٹے بڑے سب ورکر انہیں ایمان سے خالی نظر آئے۔ پاکستان بن گیا اور کشمیر کا جہاد شروع ہوا اور مولانا نے اسے بھی ناجائز ٹھہرایا۔ جناب قاسمی ان کے بیٹے اور پوتے وارث ترجمان اور ان کے فکر کے علمبردار ہیں تو ان سے کیا کیا توقعات ([illegible]) ہو سکتی۔

جناب صدر! یہ وہ لوگ ہیں جو آپ سے بھی پہلے ملک کی قسمت سے کھیلتے رہے۔ آپ کی آمد صدارت میں آمد ہوئی تو ہمیں خوشی ہوئی کہ شاید اب لیل و نہار بدلیں اور قوم کی قسمت کا ستارا چمک اٹھے۔ مگر افسوس آپ ان سب سے آخر میں آئے اور ان سب سے آگے نکل گئے۔ وہ خرابیاں جو آپ سے پہلے نظر آتی تھیں اور ہم انہیں دیکھ کر پریشان ہو جاتے تھے آپ کے دور میں ان میں کئی سو فیصد اضافہ ہوا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ گناہ آپ کی جلوہ فرمائی سے پہلے بھی ہوتے تھے مگر اس دلیری سے نہیں ہوتے تھے بلکہ حق یہ ہے کہ گناہ صرف گناہ ہی تھا مگر آپ کے دور میں بغاوت تک پہنچ گیا۔ کوئی بڑے سے بڑا صدر یا وزیر اعظم ایسا نہیں آیا تھا جس نے اسلامی شعائر کے خلاف آپ جیسا [illegible] کیا ہو اور معاذ اللہ غیرت و حمامت کے خلاف ایسی محاذ آرائی کی ہو۔ جس عورت کو اسلام نے پردہ عطا کر کے نہایت بلند رتبہ عطا کیا آپ نے اسے نہایت اوباش اور بے حیا بنانے کی کوشش کی اور اپنی سیرت کے از حد شرمناک اوراق کو نہایت بے باک انداز میں پیش کر کے عیاشی و فحاشی کی حوصلہ افزائی کی ہمیں شہباز شریف کے کارناموں میں یہی ایک پسند تھا کہ اس نے بسنت کی این۔ جی اوز پر پابندی لگا دی مگر افسوس آپ نے اس کی اس نیکی کے برعکس مرد و زن کے اختلاط کو بہت بری طرح شہ دی۔ آپ کے دور میں وزیر تعلیم چن چن کر ایسے لوگوں کو بنایا گیا جو خدا کے باغی اور سرور عالم نور مجسم شفیع اعظم ﷺ کی امت کے غدار اور اسلام دشمن ہیں۔ آپ کے دور میں قتل و غارت اور دہشتگردی میں اضافہ ہوا۔ چور ترقی کر کے ڈاکو بن گئے اور عزت و آبرو کے تحفظ کی خواہشات خواب و خیال بن گئیں۔ پاکستان کی فوج ہمیشہ عوام میں قدر کی نگاہوں سے دیکھی جاتی تھی مگر آپ نے اسے انتظام حکومت عطا فرما کر گویا پولیس جو نہایت بدنام تھی کا رنگ دے دیا۔ ملازمت کے قوانین میں ایسی تبدیلی لائی گئی کہ کسی ملازم کو بھی اطمینان سے کام کرنا مشکل ہو گیا۔ مہنگائی جس سرعت رفتار سے اب بڑھی اس سے پہلے ایسی تصور نہیں تھی یعنی مہنگائی میں اضافہ ہوتا تھا مگر موجودہ رفتار سے نہیں۔ کتنی تکلیف دہ بات ہے کہ امیر کئی گنا امیر ہو چکا اور غریب کئی گنا غریب ہو گیا ہے۔ ملکی وسائل کو جس بے رحمی سے لوٹا جا رہا ہے اس کی مثال ہی نہیں۔ وہ سٹیل مل ۲۱ ارب میں فروخت کر کے نجی شعبے کے حوالے کر دی گئی جبکہ اس کی زمین 4500 ایکڑ ہے اور فی ایکڑ مارکیٹ قیمت ایک کروڑ روپے ہے۔ سٹیل مل کی مشینری کی قیمت ۲۰ ارب ہے اور ۱۰ ارب کا میٹریل موجود ہے اس کے باوجود حکومت اور نجکاری کمیشن کو اصرار ہے کہ صحیح بولی پر قیمت لگائی گئی ہے فرمایئے کیسی مشکل اوقات کے لئے آپ نے اپنے لئے ہی تو یہ سودا نہیں کیا۔ خدا کا شکر ہے کہ سپریم کورٹ نے اس سودے کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔ پھر کیا قیامت ہے چین میں پاکستان ایمبیسی کے ایک افسر نے مبینہ طور پر تقریباً دو ہزار پاسپورٹ بنگلہ دیشی اور سری لنکن عوام کو جو کہ چین میں رہتے ہیں ایک ہزار یورو فی پاسپورٹ لے کر بیچ دیئے۔ حکومت پاکستان کی انکوائری کمیٹی (آڈٹ کمیٹی) نے جب اس معاملے کو افشا کیا تو متعلقہ افسر کا دوسرے ملک میں تبادلہ کر دیا گیا (تا کہ معاملے پر پردہ پڑا رہے) سٹیل مل کی طرح کا ایک اور سودا ملاحظہ ہو۔ کیا یہ وہی صورت حال نہیں جس کے بارے میں ایک فارسی بزرگ فرماتے ہیں۔

گر بہ میر و سگ وزیر و موش را دیواں کنند — ایں چنیں ارباب دولت ملک را ویراں کنند

چنانچہ سنئے وزرا کے کارنامے۔

نصاب تعلیم میں انگریزی کو پہلی جماعت سے اور اسلامیات کو تیسری جماعت سے شروع کرنا دین و ایمان سے رشتہ توڑنے ہی کے مترادف نہیں تو کیا ہے پھر وزیر تعلیم کے نئے نئے ملحدانہ بیانات پڑھ کر جی گھبرا جاتا ہے۔ اور بلا تامل یہی الفاظ زبان پر آتے ہیں 'او بد بخت وزیر مشرف اور بش کے گتے! خدا تیرا بیڑا غرق کرے۔

ایک وزیر تعلیم ہی کیا! جس جس پر بھی اے صدر صاحب آنجناب کی نظر کیمیا اثر پڑی اور جو بھی آپ کے حسن انتخاب سے مشرف ہوا، ایمان

سے منہ موڑ بیٹھا مشتاق بھی پرویز الٰہی جیسے پرویز سنگھ کو زیادہ موزوں محسوس ہوتا ہے۔ مسجد کو شہید کر کے گوردوارہ ... میں مسلمان
کے قبضے سے ... کے لئے مسلمانوں نے انگریز ... پرانی بھارتی تھی۔ پاکستان میں کیسے کیسے حکمران آئے اور
آپ جیسے ... مسلط ہوتے رہے مگر کسی کو یہ جرأت نہ ہوئی جو سردار پرویز سنگھ جی کو ہوئی واقعی سکھ بڑے دلیر ہوتے ہیں۔ اسی سردار کا ایک بھائی ہے شجاعت رام، جو غلطی سے شجاعت حسین کہلواتا ہے۔ اس نے گذشتہ دنوں گجرات میں مندر بنانا چاہا تو مسلمانوں کے قاتل اور بابری مسجد کے مجرم اول (جس پر آج بھی ہندوستان میں مقدمہ چل رہا ہے) ایل کے ایڈوانی کے دست ناپاک سے اس کی تعمیر کا کام شروع ہو گیا۔ خدا کے لئے بتائیے پرویز سنگھ نے گوردوارہ اور شجاعت رام نے مندر بناتے ہوئے کس کی رضا کو سامنے رکھا اور اے جناب صدر! اگر آپ کی نظر کا یہی فیض ہے تو فرمائیے آپ ان کے مہربان بے وفا ہیں آپ کس مقام پر ہوں گے۔

ہاں ہاں آپ کے دور میں اللہ اور رسول ﷺ کے مقدس اسماء مٹائے جا رہے ہیں اور آپ کے اور آپ کے بدبخت ساتھیوں کے نام ابھار کر کے جا رہے ہیں، یہ کس سے مکر ہے اور اس کا نتیجہ کیا نکلے گا۔ آئیے میں ایک مثال دیتا ہوں، نارووال سے شکرگڑھ آتے ہوئے ٹیکے کی سڑک پر ایک گیٹ ہے (جس میں سے گزر کر آگے چند فوجیوں کا ڈیرہ ہے) اس پر بھی نہایت خوبصورت انداز میں لکھا ہوتا تھا۔

اللہ اکبر

اب اس کو (معاذ اللہ) مٹا دیا گیا ہے اور انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں خسرو گریژن لکھا ہوا ہے۔ پھر اس کے آگے شکرگڑھ کی طرف چلیں تو دو تین کلومیٹر کے فاصلے پر ایک پختہ سڑک پھوٹتی ہے غالباً جو سکھوں کے گورو نانک کی قبر کو جاتی ہے۔ اس پر سکھ مذہب کے اسی گورو کا نام بھی ہے اور اس کے نیاز مند ڈاکٹر نعمت علی جاوید سابق ناظم تحصیل شکرگڑھ (حال ناظم ضلع نارووال) کا نام بھی ۔۔۔۔ دیکھیے کس پاک ذات کا نام مٹایا گیا اور اس کے کن حقیر بندوں کا نام باقی رکھا گیا۔

اے جناب صدر! آپ جس قسم کے صدر ہیں، کیا اسی قسم کے سید ہیں۔ اگر آپ سچے اور سچے سید ہیں تو شہزادہ گلگوں قبا شہید دشت کرب و بلا راکب دوش رسول، جگر گوشہ سیدہ بتول، فاتح خیبر حیدر کرار، ابن شیر خدا حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی غیرت و حمیت کی تسلیم و رضا کی مہر و وفا کی کوئی جھلک تو آپ میں نظر آنی چاہئے۔ انہوں نے دین کی بقا کے لئے کنبے کا کنبہ راہ حق میں قربان کر دیا اور آپ معاذ اللہ دین حق ہی کو راہ بش میں قربان کیا چاہتے ہیں۔ آپ کے بزرگوں نے نعرہ حق بلند کر کے یزید کے غضب کو دعوت دی اور آپ نعرہ غلامی بش بلند کر کے خدا کے غضب کو دعوت دے رہے ہیں۔ یزید کا جو انجام ہوا تاریخ کا ایک انتہائی عبرتناک باب ہے۔ کیا آپ بھی اسی کے نقش قدم پر چل کر اسی کے انجام سے دوچار ہونا چاہتے ہیں۔ واللہ آپ بہت گھاٹے کا سودا کر رہے ہیں، پاکستان ایک عام ملک نہیں، محبوب خدا حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کا تبرک اور بقول قائد اعظم خود حضور اقدس و انور ﷺ نے اس کے حصول کی کوششوں کا انہیں حکم دے کر کامیابی کی ضمانت بھی دی تھی کل بھی یہ انہیں کے سہارے بنا تھا آج بھی انہیں کا دامن رحمت اس کے سر ہے۔ جو اسے نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا، مارا جائے گا اور بہت ہولناک انجام سے دوچار ہو گا۔ تحریک پاکستان کے ایک نامور سالار مولانا ظفر علی خاں مرحوم نے فرمایا تھا

نہ جا اس کے تحمل پر کہ بے ڈھب ہے گرفت اس کی　　ڈر اس کی سخت گیری سے کہ ہے سخت انتقام اس کا

جناب صدر! مومن اپنے رسول ﷺ کا عاشق جانباز ہوتا ہے جیسے عامر چیمہ علیہ الرحمۃ، اس نے غیرت عشق رسول ﷺ کا ثبوت دے کر امت کی آبرو بچائی ہے اور آپ اور آپ کی حکومت کا رویہ اس سلسلے میں کیسا معاندانہ رہا کسی سے مخفی نہیں اہل ایمان خدا کے لئے اور اس کے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے کسی سے یاری لگاتے ہیں یا کسی کو ان کا باغی دیکھ کر اس کے دشمن ہو جاتے ہیں مگر آپ بش کے لئے ہی یاری اور اسی کی راہ میں دشمنی کرتے ہیں۔ طالبان سے بش ناراض تو آپ بھی ناراض زرقاوی کی شہادت پر بش خوش تو آپ بھی خوش، بش کی رضا اس میں ہے کہ آپ بھارت کے تابع مہمل ہوں اور واقعی آپ یونہی نظر آتے ہیں۔

آپ نے بش کے غضب سے بچنے کے لئے امریکیوں کو بعض اڈے بھی دیئے، اپنے مسلمان بھائیوں پر گولیاں بھی چلائیں افغانستان کے کٹھ پتلی حکمرانوں کی ناز برداریاں بھی کیں، بھارت کو خوش کرنے کے لئے بھی جناب ہیں بلکہ نظریہ پاکستان سے انحراف کیا یا اسے سرکاری سطح پر بہت زیادہ کمزور کیا، چنانچہ جنہیں آپ نے بھی پاکستان کا نمائندہ بنا کر بھارت بھیجا، وہ وہاں بھی پاکستان کے اساسی نظریے کے خلاف خرافات بکتے ہی نہیں رہے بڑھ چڑھ کر داد بھی دیتے رہے اور جب بھارت سے یہاں طائفے آئے وہ بھی آپ کی حکومت میں پاکستان اور ہندوستان کی لکیریں مٹا کر، پردہ اقبال اور قائد علیہما الرحمہ کے نظریات کی تکذیب کرتے رہے۔ آپ کی دینی، ایمانی و قومی غیرت اس حد تک منجمد ہو چکی ہے کہ اپنے گھر دشمن کو بلا کر اور اپنے عقائد و نظریات کے خلاف ان کی ژاژ خائی سن کر بھی آپ ٹس سے مس نہیں ہوئے۔

اے جناب صدر! آپ اور آپ کی حکومت کے کل پرزے جس ڈھٹائی سے جھوٹ بولتے ہیں اس سے پہلے یہاں دیکھنے میں نہیں آیا۔ امن و امان کی صورت حال جواب خراب ہے اس کی پاکستان کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ سانحہ نشتر پارک میں جو قتل و غارت ہوئی، تا حال اس کے بارے میں آپ کی حکومت نے کچھ نہیں کیا ایک معتبر روایات کے مطابق پولیس والوں کو ہدایت ہوئی ہے کہ ایسے تمام واقعات کی رپورٹ اس انداز میں لکھی جائے کہ (کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی)۔ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ حکومت کو قاتل معلوم ہیں مگر ع کوئی معشوق ہے اس پردہ زنگاری میں۔ ہمیں یقین ہے کہ عیسائیوں اور یہودیوں کو عالم اسلام کا وہ طبقہ سب سے زیادہ خطرناک نظر آتا ہے جو اپنے آقا و مولا ﷺ کے عشق و ادب کا علمبردار ہے لہذا عین ممکن ہے قاتلوں نے بھی کسی بیرونی اشارے پر قابل مذمت کھیل کھیلا ہے اور آپ بھی کسی ایسے ہی محبوب کے اشارہ ابرو پر قاتلوں کے طرف دار ہو گئے ہوں۔ ویسے بھی جناب صدر! آپ کے دور میں عیسائیوں، یہودیوں، بہائیوں، مرزائیوں، دہریوں، گستاخوں، قاتلوں اور چوروں ڈاکوؤں کو کھلی چھٹی ہے۔ ابھی چند ہفتے پہلے شہر سیالکوٹ کے گرد و نواح میں عیسائیوں اور دوسرے غیر مسلموں نے ایک جلسہ کیا جس میں علاقے کے بہت سے مسلمان بھی شامل تھے اور جلسے کا مقصد تھا یہ مطالبہ کرنا کہ ناموس رسالت ایکٹ کو کالعدم قرار دیا جائے۔ دیکھا، آپ نے اسلام دشمنوں کے حوصلے کتنے بڑھا دیئے یہاں قرآن پاک کی بے ادبی کی جاتی ہے اور پولیس حکمرانوں کی رضا کے مطابق حسب عادت ایسی ایف آئی آر تیار کرتی ہے کہ مجرم کو آنچ تک نہ آئے۔ یہاں 'اسلام' کے خلاف دل کھول کے پروپیگنڈا کیا جاتا ہے اور 'سید' کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ یہاں حدود آرڈیننس کو زیر بحث لایا جاتا ہے اور سربراہ مملکت جس پر سب سے پہلے اسلام ہی کا تحفظ ہی فرض تھا مہر بلب دیکھا رہتا ہے۔

اے جناب صدر! کیا آپ کو بھی یاد نہیں آتا کہ آپ مسلمان ہیں اور جب آنجناب کی ولادت باسعادت ہوئی تھی تو آپ کے دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت کہی گئی تھی۔ چلو سید نہ سہی 'مسلمان سہی' جو کچھ بھی ہیں اسے سامنے رکھ کر فرمائیے یہ کیا ہو رہا ہے؟ اور پھر اچھی طرح سوچ سمجھ کر اس کا جواب بھی دیجئے کہ یہ کیوں ہو رہا ہے؟

خیال فرمائیے کہ مسجد کے قریب ہاکی کا میچ ہو رہا ہے، اذان کی آواز آئے ٹیم مسجد میں داخل ہو جائے اور کیپٹن اپنی مخصوص وردی سمیت مصلے امامت پر قبضہ کر لے۔ اس سے کہا جائے کہ بھئی اگر امامت ہی کرانا ہے تو کم از کم اپنی وردی بدل لے مگر وہ بے وردی بدلے اپنی امامت پر اصرار ہی کیے جائے۔ حتی کہ نماز بھی شروع کر دے، یہ کتنا عجیب منظر ہوگا۔ یونہی ایک شخص کرسی صدارت پر بیٹھ کر مصر ہے کہ صدر کوئی اور نہیں ہو سکتا۔ اس سے کہا جائے کہ رب کے بندے پہلے صدارت کے لوازمات تو سمجھ لے اور اس کے مقتضیات پورے کرنے کے لئے تو تیار ہو جائے۔ مگر وہ اس طرف کوئی توجہ نہ دے۔ تو فرمائیے ان دونوں میں کونسا واقعہ زیادہ عجیب ہے۔

یوم خلیفہ اول: جمادی الاخری ۱۳ھ کی ۲۱ تاریخ اور منگل کا دن تھا جب سیدنا حضرت خلیفہ اول مومن و مصدق اول، یار غار و بدر و مزار، حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے وصال فرمایا۔ حضور سرور کونین سرکار سلطان الانبیاء علیہم الصلوۃ والسلام نے ان کی خدمات کی قبولیت کا اعلان یوں فرمایا۔

إِنَّ مِنْ أَمَنِّ النَّاسِ عَلَيَّ فِي صُحْبَتِهِ وَمَالِهِ أَبُو بَكْرٍ (متفق علیہ)

ترجمہ: اپنی صحبت اور مال کے ساتھ سب لوگوں سے بڑھ کر مجھ پر احسان کرنے والا ابوبکر ہے۔

ظاہر ہے جب والیِ امت ﷺ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو اپنا محسن (مالی بھی اور جانی بھی) کہلانے والا کیونکر ان کی عظمتوں سے بے پرواہ ہو سکتا ہے۔ گویا اللہ کے حبیب اعظم ﷺ نے یہاں ان کا تعارف ہی سارے انسانوں میں اپنے محسن اعظم کی حیثیت سے کرایا۔ دوسری جگہ اور بھی صراحت سے ارشاد ہوا

حُبُّ أَبِي بَكْرٍ وَشُكْرُهُ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ أُمَّتِي (صواعق محرقہ)

ترجمہ: ابوبکر کی محبت رکھنا اور ان کا شکر ادا کرنا میرے ہر امتی پر ضروری ہے۔

اسی محبت اور شکر گزاری کا ایک اہم انداز ہے یاد منانا۔ چنانچہ پوری امت کو چاہئے کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی یاد کو دلی محبت و عقیدت پیش کرنے کے لئے اجتماعی اور انفرادی طور پر ایصال ثواب کی مجلسوں کا اہتمام کرے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی موجودہ حکومت چونکہ اسلام اور اس کے شعائر ہی سے بیزار نظر آتی ہے اور پوری قوت سے اس مقدس اسلامی جمہوریہ سے اسلام اور جمہوریت کو رخصت کرنے پر تلی ہوئی ہے اسے کسی بندہ مسکین عیسائی وغیرہ کی یاد اور بسنت وغیرہ منانا آسان ہے مگر بزرگان اسلام کے دن منانا اس کی طبع نازک پر بہت بڑا بوجھ معلوم ہوتا ہے لہذا اس سے کوئی مطالبہ نہیں۔ ہاں سرکار ابد قرار ﷺ کی امت مرحومہ کے ہر فرد سے ضرور عرض ہے کہ اس دن کی عظمت سے غافل نہ ہو اور پورے مذہبی جوش و خروش میں مقدس دن کے منانے کا اہتمام کرے۔ ایصال ثواب کی یہ تقاریب اجتماعی بھی ہونی چاہئیں اور انفرادی بھی۔

عرس حضور نقش لاثانی قدس سرہ جہاد علی پور سیداں شریف۔ سیدی و مرشدی شہنشاہ ولایت قدوۃ الاولیاء اعلیٰحضرت پیر سید علی حسین شاہ صاحب نقش لاثانی قدس سرہ النورانی نے یکم ذوالحجہ ۱۳۹۰ھ بمطابق ۲۷ جولائی ۱۹۷۱ء نے وصال فرمایا۔ اسی تاریخ یعنی ۲۷ جولائی کو آپ کے مزار پُر انوار پر سالانہ عرس مقدس ہوتا ہے جس کا اہتمام تو حضور قبلہ عالم کے فرزند اعز و اکبر صدق و صفا، مخزن جود و سخا اعلیٰحضرت پیر سید محمد اسمٰعیل شاہ صاحب نقش لاثانی علیہ الرحمہ فرمایا کرتے تھے۔ اب یہ آفتاب بھی لحد کے پردے میں جا چھپا لہذا اب سے یہ سالانہ عرس حسب معمول جامع علم و عرفان اعلیٰحضرت پیر سید کرامت علی شاہ صاحب مدظلہ العالی سجادہ نشین آستانہ شہنشاہ ولایت (علی پور سیداں شریف) اور ان کے برادران مکرم مدت ظلالہم کے زیر اہتمام ہو رہا ہے۔ الحمد للہ اس عرس مقدس پر ہمیشہ شرع مقدس کے لطیف و جلیل تقاضوں کو ملحوظ رکھا جاتا ہے لہذا شریعت و طریقت کی عظمت، اہمیت کے دلدادہ حضرات ذوق و شوق سے شامل ہوں اور اپنے ظرف و طلب کے مطابق فیوض و برکات سے دامن دل بھرتے جائیں۔ انشاء اللہ

جناب پیر محمد افضل قادری مدظلہ العالی: کون نہیں جانتا جناب عبدالرحمن عامر چیمہ علیہ الرحمۃ نے عشق رسول سے سرشار ہو کر ایسا کارنامہ سرانجام دیا کہ امت مسلمہ کی لاج رہ گئی۔ حق یہ ہے کہ نبی زندہ ﷺ کا زندہ دل عاشق اپنا سب کچھ قربان کر کے زندہ جاوید ہو گیا۔ عامر کی شہادت یاد آتی ہے تو کسی بزرگ کا یہ شعر بھی آنکھوں کے سامنے گھومنے لگتا ہے۔

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن   خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

پھر جس طرح عامر چیمہ علیہ الرحمہ نے امت کی آبرو بچائی یونہی آستانہ عالیہ مراڑیاں شریف گجرات کے گل سرسبد جناب فخر المشائخ پیر محمد افضل قادری دامت برکاتہم نے اہل سنت کی لاج رکھ لی شاید پیر صاحب خاص دلچسپی نہ لیتے اور مجاہدانہ انداز میں میدان میں در نہ آتے تو لگیتی فرقوں کی نام نہاد جہادی تنظیمیں قبضہ کر لیتیں، چہلم شایان شان طریقے سے ہوتا نہ مزار بن پاتا۔

انشاء اللہ عامر چیمہ علیہ الرحمۃ کے مزار پر نور پر بھی اللہ جل مجدہ کی بارگاہ میں اس کے حبیب مکرم ﷺ کے وسیلے سے کی جانے والی دعائیں ضرور قبول ہوا کریں گی تو خود عامر چیمہ اپنی دعا کیوں نہ مسموع ہوگی۔ شاید یہ اسی کی دعا کا نتیجہ ہے کہ جناب پیر محمد افضل قادری صاحب جیسے رئیس المجاہدین کو یہ سعادت ملی۔ خدا کرے پیر صاحب اتحاد اہل سنت کے لئے بھی تگ و دو کریں۔

☆......☆☆......☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلام اور شیطان کے سپوت

قسط: 21

تحریر: ڈاکٹر محمد حسین آسی

گذشتہ قسط میں مغربی اور امریکی معاشرے کی اخلاقی تباہی کا ذکر کیا گیا تھا اور بتایا گیا تھا۔ تہذیب حاضر کے علمبردار نفسانی خواہشات کے غلام بن کر کس حد تک انسانیت کے لئے باعث ننگ وعار بن چکے ہیں۔ تہذیب وتمدن کو آوارگی وعریانی کی نذر کرنے والے یہ عقل وفکر انسانی عظمت سے آشنا ہیں اور نہ اس کا راز جانتے ہیں۔ ظلم وستم کی بنا پر ہی یہ لوگ درندے نہیں، بلکہ شرم وحیا کے نرم ونازک آبگینوں کو توڑنے کی بنا پر بھی حیوانیت سے آگے نکل چکے ہیں۔ مختصر یہ کہ ان کی صرف شکلیں ہی انسانوں سے ملتی ہیں، رہ گئے ان کے کرتوت تو وہ بلاشبہ بہت حد تک حیوانیت اور بہیمیت کی منہ بولتی تصویریں ہیں۔ عیاشی وفحاشی پر ان کا اصرار اتنا افسوسناک اور ہولناک ہے کہ ان کی زندہ لاشیں بھی گویا زمین پر بوجھ ہیں۔ قدرت نے انہیں عبرتناک سزا معاشرتی تباہی اور عدم اطمینان کی شکل میں دی ہے۔ غیرت وحمیت کا جنازہ نکل چکا ہے اور لڑکیاں لڑکے چھوٹی عمروں ہی سے معاشقے شروع کر دیتے ہیں (جیسا کہ گذشتہ قسط میں مذکور ہوا تھا)۔ طلاق کی بھرمار اور شادی سے پہلے عورت اور مرد کا اکٹھے رہنا انتہائی شرمناک ہے۔ مگر انہیں اس سے کیا؟ یہ تو ”بے حیا باش وہرچہ خواہی کن“ کے مصداق ہو چکے ہیں۔

اس طوفان فحاشی اور سیلاب عریانی میں بہہ جانے کا نتیجہ یہ ہے کہ قانون ساز اسمبلیاں بھی اس کے سدباب کی تدابیر سوچنے کے بجائے اس کے جواز کا فتویٰ دے دیتی ہیں۔ چنانچہ لڑکے سے لڑکے کا عقد ہو رہا ہے اور اسے قانونی حمایت بھی حاصل ہو گئی ہے۔ ماں کا وہ جذبہ فطری کہ اس کی گود میں اس کے جگر پارے کھیلیں، اس حیا فروش معاشرے سے ناپید ہوتا جا رہا ہے اور عام عورتیں بھی بدن فروش آوارہ عورتوں کی طرح وقتی اور عارضی تسکین کے حصول تک محدود رہتی ہیں۔ امریکی اور یورپین معاشرے نے جو آزادی عورت کو دی ہے، اس کے نتائج وہاں یہ نکلے۔

”کہ ملک حرامی بچوں سے بھر گیا۔ صرف ایک سال یعنی ۱۹۶۳ء میں وہاں تیس لاکھ پیدا ہوئے۔ خاوند لاکھ بدچلن، غنڈہ اور عیاش ہو، وہ اپنی بیوی کے ہرجائی پن کو برداشت نہیں کر سکتا۔ لیکن جس معاشرے میں جائز وناجائز کا کوئی تصور ہی باقی نہ رہے وہاں بھلا عورت بدکاری سے کیوں رکے۔ اگر اس کا شوہر دیگر خواتین سے لطف اندوز ہو سکتا ہے تو یہ کیوں پیچھے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہاں کا تقریباً ہر گھر چیخ چیخ اور کشمکش کی وجہ سے میدان جنگ بنا ہوا ہے۔ آئے دن طلاقیں ہوتی ہیں۔ اسی میگزین (یعنی لک) میں درج ہے:۔

۱۹۶۰ء میں اٹھارہ لاکھ عورتوں کو طلاق ہوئی۔ اس وقت ان بچوں کی تعداد ایک کروڑ تیس لاکھ ہے، جن کی ماؤں کو طلاق ہو چکی ہے۔ سان فرانسسکو کے ایک اخبار کرانیکل نے ۱۹۶۳ء کے آغاز میں لکھا تھا کہ ملک میں ایسے شوہروں کی تعداد بڑھ رہی ہے جو ایک دوسرے سے اجازت لے کر ان کی بیویوں سے ہم بستر ہوتے ہیں۔ (لک۔ ۲۴ ستمبر ۱۹۶۳ء ص نمبر ۸۱ کالم ۲)

یہی کشمکش خودکشی کے واقعات میں اضافہ کر رہی ہے۔ پاکستان ٹائمز کی اشاعت ۷ مئی ۱۹۶۲ء میں درج ہے۔ کہ ۱۹۶۲ء کے آخری چھ ماہ میں امریکہ کے ایک شہر لاس اینجلیز میں پچھتر ہزار اور کیلیفورنیا ریاست میں پانچ لاکھ افراد نے خودکشی کی۔

فرض کیجئے۔ کہ محلے کی ایک نہایت حسین لڑکی آج جس کے ساتھ شام گزارتی ہے۔ رات کو رخصت ہوتے وقت وہ اگلی شام ملنے کا وعدہ کر جاتی ہے۔ لیکن اگلے روز کسی کارخانے میں یا سڑک پر اسے ایک اور نوجوان مل جاتا ہے جو زیادہ خوبصورت اور زیادہ مالدار ہوتا ہے وہ اس کے ساتھ چلی جاتی ہے۔ شام کے وقت اس کا منتظر عاشق جب اِدھر اُدھر بے قرار ہو کر اردگرد کے کلبوں میں اسے ڈھونڈنے نکل جاتا ہے۔ ایک ناچ گھر میں وہ اسے اس حال میں دیکھتا ہے کہ شراب میں مست نئے یار سے چمٹی ہوئی ناچ رہی ہے۔ دیکھتے ہی جل بھن جاتا ہے پہلے ایک کونے میں بیٹھ کر آٹھ دس جام چڑھاتا ہے۔ سگرٹ پر سگرٹ پیتا ہے اور گھر کو چل دیتا ہے۔ شدت اضطراب سے جب اسے نیند نہیں پڑتی۔ تو ایک درجن خواب آور گولیاں کھا کر لیٹ جاتا ہے اور دو چار گھنٹے میں مر جاتا ہے۔ امریکہ دنیا کا دولت مند ترین ملک ہے۔ وہاں کے چھوٹے بڑے اور مالی بھی کاروں کے مالک ہیں۔ وہاں کی فی کس آمدنی پاکستان سے پچیس گنا زیادہ ہے۔ ہر چیز کی وہاں فراوانی ہے۔ فاقہ و افلاس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ قدرتاً سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ متمول لوگ یوں دھڑا دھڑ کیوں خودکشیاں کر رہے ہیں۔ جواب صرف ایک ہی ہو سکتا ہے کہ اس کی وجہ عورت ہے۔

فرض کیجئے کہ ایک شخص سفر سے لوٹتا ہے رات کے نو بجے گھر پہنچتا ہے۔ تو بیوی کو کسی اور کی آغوش میں پاتا ہے کیا وہ غصے سے پاگل نہیں ہو جائے گا؟ بعید نہیں کہ وہ اس حالت میں خودکشی ہی کر لے۔ شوہر لاکھ بدمعاش ہو۔ وہ غیرت، حمیت اور رقابت کے جذبات سے معرا نہیں ہو سکتا۔ یہ جذبات جانوروں اور پرندوں میں بھی پائے جاتے ہیں جب ایک شیر اور شیرنی کا جوڑا بن جاتا ہے۔ تو کسی دوسرے شیر کی کیا مجال کہ اس شیرنی سے دل لگی کرے۔

پاکستان ٹائمز کی اشاعت ۲۵ جون ۱۹۶۳ء میں یہ خبر درج تھی کہ افریقہ میں ایک شخص اپنی عورت کی آوارگی سے تنگ آ گیا۔ اسے بہتیرا سمجھایا۔ لیکن وہ باز نہ آئی۔ ایک رات وہ دیر تک بیوی کا انتظار کرتا رہا اور بالآخر باہر کے پھاٹک کو تالا لگا کر سو گیا۔ میم صاحبہ کہیں رات کے تین بجے آئی۔ تالہ توڑ کر اندر چلی گئی۔ خاوند جاگ اٹھا۔ تیل کا ایک ٹین اور کلہاڑا لے کر بیوی کے کمرے میں پہنچا اور اسے کہا کہ میں تمہارے قتل کا فیصلہ کر چکا ہوں۔ بتاؤ کہ تم کلہاڑے سے مرنا چاہتی ہو یا آگ میں جلنا چاہتی ہو۔ بیوی نے ہزار خوشامد کی۔ لیکن شوہر نہ مانا اور بالآخر جلنے کو ترجیح دی۔ چنانچہ شوہر نے اس کے کپڑوں پر تیل چھڑک کر اسے آگ لگا دی۔

انسان لاکھ عیاش و بے حیا بن جائے۔ غیرت کا شعلہ کبھی نہ کبھی بھڑک ہی اٹھتا ہے۔ آج یورپ اور امریکہ میں عورت بیسوا سے بھی زیادہ ذلیل و بے حیا ہے۔ وہاں کا عائلی نظام کاملاً درہم و برہم ہو چکا ہے۔ ملک اولادِ حرام سے بھر گیا ہے اور اس صورت حال سے وہاں کے مفکرین و دانشور مضطرب ہو گئے ہیں۔ اس اضطراب کی جھلک ول ڈیوران اور ٹائن بی کے علاوہ مختلف پادریوں اور فلسفیوں کی تحریرات میں بھی ملتی ہیں۔

یورپ اور امریکہ میں عورت کی آوارگی (جس کا نام ان لوگوں نے عورت کی آزادی رکھا ہوا ہے) نے صرف ایک سو سال کے عرصہ میں ان کے عائلی نظام کو تہ و بالا کر دیا ہے۔ ہر گھر میں ایک دو حرامی بچے موجود ہیں۔ جن سے خاندان کا ہر فرد نفرت کرتا ہے۔ شام کے وقت باپ داشتاؤں کے ساتھ جا رہا ہے۔ تو ماں یاروں کے ساتھ۔ بیٹا گرل فرینڈ کو لئے پھرتا ہے تو

[illegible]

[illegible] نقصانات [illegible] مختلف [illegible]

[illegible]

[illegible] (A.DS) [illegible]

[illegible]

بے ٹل پرندوں پر اترانی ہوئی خدائی اصولوں کو پامال کر [illegible] شکست کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میدان جنگ تبدیل ہو جاتا ہے۔ انقلاب [illegible] کا غلبہ عیاں ہوتا ہے اور [illegible] کے سارے فرعونی [illegible] طرح ختم ہو جاتے ہیں۔

[illegible] والے خون میں ایڈز کے [illegible] ایک نہایت مہلک مرض کے پنجے میں ہیں

[illegible] رہے ہیں۔ (اسلام اور امن عالم)

[illegible] اور محقق کا فیصلہ ملاحظہ ہو

[illegible] فیصد [illegible] متاثر ہے [illegible] معلوم ہوتا ہے [illegible] کے ۸۹ فیصد مریض پائے جاتے ہیں (جلد ۳۳، صفحہ ۳۵)

[illegible] بچوں کی اموات صرف [illegible] ہیں۔ [illegible] کے ماہرین کا [illegible] ۹۰ فیصد [illegible] اس مرض میں مبتلا ہیں [illegible] شادی شدہ [illegible] غیر شادی شدہ بھی [illegible] کا متفقہ بیان ہے کہ شادی شدہ عورتوں کے [illegible] ۷۵ فیصد ایسی [illegible] ہیں جن میں [illegible] کا اثر پایا جاتا ہے۔ (سنت نبوی اور جدید سائنس)

[illegible] نے عجیب بات کی

[illegible]

لہذا ایمان ہماری ہرگز رحم کی جو ... [illegible] ... انتقاد [illegible]

[illegible]

کا اقتباس بھی دیکھ لیں۔

"عورتوں اور مردوں کا میل جول، مخلوط محفلیں اور عفت [illegible]

اب مغرب کی یہ کوشش ہے کہ مسلم ممالک میں بھی ان کا عامل [illegible]

کے حقوق کو سلب کیا ہے۔ انتہائی لغو، ملا اور گمراہ کن ہے [illegible]

کرلی۔ (اسلام اور مغرب کی کشمکش یعنی عزم ہوا [illegible])

ہاں ہاں، موجودہ حکومت مختلف تراکیب اور ذرائع سے مغرب [illegible] کی سے اسلامی

کے تصورات سے "پاک" کیا جا رہا ہے شاید اس کا پاکستان کے بارے میں [illegible]

[illegible]

❖ [illegible] ❖

[illegible] بوقت مغرب [illegible] کول جناح سٹیڈیم سیالکوٹ میں عامر شہید [illegible] پیش

کرے [illegible] کی صدارت جناب مولانا شیخ عبد القدیر صاحب ناظم رنگپورہ سیالکوٹ، تلاوت قاری [illegible] صاحب

[illegible] نعت شریف [illegible] پیش کی۔ [illegible] تلاوت و نعت شریف کے بعد مولانا شبیر احمد قادری صاحب نے اپنے خطاب میں قرآن

حدیث کی روشنی میں [illegible] عامر عبد الرحمن چیمہ شہید کی شہادت کو نہایت احسن انداز سے خراج تحسین پیش کیا بعد میں جناب عارف مجاہد صاحب نے

حاضرین کا مختصر تعارف کرانے کے بعد طلبہ دین حق کی تنظیم تحریک شیران اسلام کا تعارف کرایا۔ بعد میں مولانا مسعود علی صاحب نے اپنے مسعود انداز میں عامر

عبد الرحمن چیمہ شہید کی شہادت کو خراج تحسین پیش کیا کے بعد شاعر اہلسنت [illegible] جناب مولانا مشتاق احمد حنفی صاحب نے اپنے شاعرانہ انداز

میں عامر شہید کو خراج تحسین پیش کیا، پروگرام کے آخر میں شیران اسلام کے مرکزی امیر جناب شجاعت علی مجاہد صاحب نے اپنے علمی اور تحقیقی انداز میں دور

حاضر کے عظیم شہید جناب عامر عبد الرحمن کی شہادت کے بارے میں حاضرین کو آگاہ کیا اور موجودہ دور میں مسلمانوں کو بیداری کی دعوت دی اور حاضرین

نبی پاک ﷺ کی [illegible] سب سے زیادہ مخالفت کرنے والوں کی نشاندہی کروائی۔ یہود و نصاریٰ مسلمانوں کے سینے سے نبی اکرم ﷺ کی محبت نکالنے کے

لئے اپنے پورے وسائل صرف کر رہے ہیں ان کے نزدیک عشق رسول کی دولت چھین لی جائے تو پھر ہی کامیابی ہو سکتی ہے۔ 1897 میں یہودیوں نے

پروگرام تشکیل دیا کہ مسلمانوں کے وسائل پر قبضہ کیا جائے علاوہ ازیں لاکھوں کی تعداد میں مسلمانوں کو شہید کر دیا۔ آخر میں یورپ میں شائع کردہ گستاخانہ

خاکوں اور مسلمانوں کے ردعمل اور عامر چیمہ شہید کی شہادت پر ایمان افروز روشنی ڈالی اور مسلمانوں کو اس عظیم شہادت سے سبق حاصل کرنے کی تلقین کی،

[illegible] اذان کی حلاوت کی [illegible] سے آگاہ کیا، حاضرین کو عشق رسول کا درس دیا، آخر میں جناب شیخ عبد القدیر ناظم صاحب نے جامع انداز

میں عامر چیمہ کی شہادت کو خراج تحسین پیش کیا اور تحریک ختم نبوت کے مجاہدین کے واقعات پر روشنی ڈالی اور خواہش کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ایسی ہی شہادت

نصیب فرمائے۔ (آمین)

اتحاد ملت

قسط: 41 کی ضرورت

بقلم محمد حسین

[illegible]

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا (آل عمران ۱۰۳)

ترجمہ: اور اللہ کی رسی مضبوطی سے تھام لو سب مل کر اور آپس میں پھوٹ نہ ڈالو۔

[illegible]

كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ۝ (المؤمنون ۵۳)

ترجمہ: ہر گروہ جو اس کے پاس ہے اس پر خوش ہے

[illegible]

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ (الاحزاب ۳۶)

[illegible]

حضرت یعقوب علیہ السلام کے واقعے میں فرمایا

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ (یوسف ۶۷) ترجمہ: [illegible]

ایک اور مقام پر فرمایا

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ

تَسْلِيْمًا ۝ (النساء۔ ۶۵)

ترجمہ: تو اے محبوب تمہارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں، پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور جی سے مان لیں۔

جب یہ واضح ہو گیا کہ فیصلہ وہی ہے جو خالق کائنات و مالک ارض و سماوات نے اپنی مقدس و مکمل و ثابت ارشادات میں دے دیا اور بیان کر دیا تو کسی مرد یا عورت کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ اللہ اور اس کے حبیب مکرم معظم ﷺ کے فیصلے کے مقابلے میں اپنی عقل، اپنی رائے، اپنی مرضی یا کسی کی بیعت و ارادت کو پیش کرے اور جو ایسا نہیں کرتا تو وہ کسی محدث، شیخ الاسلام، شیخ طریقت یا عارف باللہ کا بدعت کہہ یا کسی طرف سے عقیدہ بنانے کا حق حاصل نہیں ہے۔ ایسا شخص (جو اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے ہٹ کے عقائد بنانے والا دائرہ اسلام سے خارج ہو چکا۔ اب اللہ اور اس کے حبیب اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ جو عقائد کی صحت کے معیار کا اعلان کرتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا (البقرہ۔ ۱۳۷)

ترجمہ: پھر اگر وہ بھی یونہی ایمان لائے جیسا تم لائے جب تو وہ ہدایت پا گئے

یعنی اے میرے نبی مکرم (ﷺ) کے اصحاب معظم! اگر یہ اہل کتاب و مشرکین اسی طرح ایمان لائیں جس طرح تم لائے ہو تو وہ ہدایت پا گئے۔ گویا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عقائد کے ساتھ جس کے عقائد ملتے ہوں وہ ہدایت پر ہے اور جس بدنصیب کے عقائد ان کے عقائد کے برخلاف ہوں وہ ہدایت سے دور اور گمراہ ہے۔

یہ تو اللہ جل شانہ کا فیصلہ تھا اب اس کے رسول مکرم ﷺ کا فیصلہ۔

وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ لَتَفْتَرِقَنَّ اُمَّتِیْ عَلٰی ثَلَاثٍ وَّسَبْعِیْنَ فِرْقَةً وَّاحِدَةٌ فِی الْجَنَّةِ وَثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ فِی النَّارِ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هُمْ قَالَ اَلْجَمَاعَةُ

ترجمہ: اس ذات کی قسم، جس کے ہاتھ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے میری امت تہتر فرقوں پر منقسم ہوگی ان میں سے ایک جنتی باقی سب دوزخی ہوں گے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ وہ جنتی کون ہوں گے۔ فرمایا جو جماعت سے وابستہ رہیں گے (ابن ماجہ، جلد دوم، باب الفتن)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور مبارک میں ایک ایسا گروہ بھی مدینہ منورہ اور اس کے گردونواح میں موجود تھا۔ جو زبان سے کلمہ شہادت بھی پڑھتا اور روزے کا التزام بھی کرتا مگر انہیں اصحاب کرام رضی اللہ عنہم میں شامل نہیں کیا گیا بلکہ کتاب و سنت نے انہیں منافق فرمایا۔ سورۃ بقرہ بلکہ بہت سی سورتوں میں ان کا ذکر ہے بلکہ ایک مکمل سورت المنافقون انہی کے طرز عمل کے بیان پر مشتمل ہے یہ لوگ وہ تھے جو بظاہر مسلمانوں میں مسلمان کہلاتے تھے ورنہ ان کی فطرت بری طرح مسخ ہو چکی تھی اور نیک و بد اور حق و باطل کے امتیاز سے بالکل عاری ہو چکے تھے۔ جس طرح صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم عشق رسول ﷺ کے نشے میں چور تھے۔ اسی طرح ان کے برعکس منافق بغض رسول ﷺ کے بحر ظلمات میں ڈوبے ہوئے تھے اور ان کی فطرت اتنی مسخ اور گندی ہو چکی تھی کہ وہ حق دیکھنے اور حق قبول کرنے کی صلاحیت سے بھی محروم ہو چکے تھے۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ (البقرہ۔ ۱۸)

ترجمہ: بہرے گونگے اندھے تو وہ پھر آنے والے نہیں۔

حضور پرنور ﷺ کی ذات اقدس میں انہیں کوئی بھی خوبی (معاذ اللہ) نظر نہیں آتی تھی۔ سچ اگر پوچھتے ہو تو ان کی فطرت ابوجہل اور ابولہب سے بھی تاریک تر تھی۔ اس لئے کہ وہ حضور پرنور ﷺ کی عظمت اخلاق کا اقرار تو کرتے ہی تھے اور کفار مکہ متفقہ طور پر حضور ﷺ کو صادق اور امین کہا کرتے تھے۔ کون نہیں جانتا کہ ہرقل شاہ روم کے دربار میں جناب ابوسفیان نے کافر ہوتے ہوئے بھی حضور پرنور ﷺ کے

[illegible] کے تمام [illegible] حلوت و [illegible] ہوتا تو [illegible]
عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کر [illegible]
[illegible]
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible]
[illegible] کے طور [illegible]
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]
[illegible] ایمان کے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]
حضرت مولانا [illegible] عبدالقیوم نے

موجب ایمان نباشد معجزات
بوئے جنسیت کند جذب صفات

ترجمہ: ایمان کا اصل سبب معجزات نہیں ہوتے بلکہ (ایمان لانے میں) ہم جنس ہونے کی بو سے جذب صفات پیدا ہوتا ہے (گویا انسان کی فطرت میں [illegible] ایمان [illegible] ہوتا ہے)

(صحابہ کرام رضی اللہ عنہم چونکہ عشق رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دولت [illegible] تھے تو وہ اللہ تعالیٰ [illegible] صفات کے ساتھ ایمان رکھتے تھے اور حضور پرنور علیہ وعلی آلہ الصلوۃ والسلام کو ان کے تمام [illegible] کمالات کے ساتھ مانتے تھے۔ وہ اللہ تعالیٰ کو وحدہ لاشریک مانتے تھے اور اس کے حبیب کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کو اس کی شان یکتائی کا مظہر یکتا سمجھتے تھے۔ ان کا ایمان تھا کہ اللہ جل [illegible] رؤف، رحیم، کریم، عظیم، شہید، کریم، خبیر، علیم ہے تو اس کے فضل سے اس کے حبیب لبیب علیہ التحیۃ والثناء بھی اپنی شان کے مطابق رؤف، رحیم، کریم، عظیم، شہید، کریم اور خبیر، علیم ہیں۔ انہیں یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ سب کا خالق ہے۔ مشکل کا بھی اور مشکلکشا کا بھی، حاجت کا بھی اور حاجت روا کا بھی، درد کا بھی اور دوا کا بھی، مرض کا بھی اور شفا کا بھی۔ پھر اس کے فضل سے اس کے محبوب یکتا صلی اللہ علیہ وسلم ہی جنہیں اس نے ہر مشکل کا مشکلکشا، ہر حاجت کا حاجت روا، ہر بیمار کا مسیحا اور ہر لٹے ہوئے کا مداوا بنایا۔ ہاں اللہ کریم کا حبیب کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم ہر داتا کا داتا، ہر گنج بخش کا گنج بخش، ہر غریب نواز کا غریب نواز، ہر غنی کا غنی، ہر شہنشاہ کا شہنشاہ ہے۔ (جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم) اللہ کبر سیدنا عبداللہ (رضی اللہ عنہ) اور سیدہ آمنہ (رضی اللہ عنہا) کا نور نظر نبی ہے تو خاتم الانبیاء ہے۔ رسول ہے تو افضل الرسل ہے۔ مطلوب ہے تو اللہ کا مطلوب ہے۔ مقصود ہے تو کائنات کا مقصود ہے۔ سرور ہے تو سرور دارین ہے۔ مالک ہے تو مالک کونین ہے۔ ممدوح ہے تو ممدوح قرآن ہے۔ ممکن ہے تو باعث امکاں ہے۔ ایمان اس کو ماننا، عرفان اسے پہچاننا، فرشتے اس کے سوالی، جبریل علیہ السلام اس کا پیدل۔ انسانیت کا سب سے بڑا پاسبان، اکتساب فطرت کا سب سے بڑا رازداں، انسانی حقوق کا سب سے بڑا علمبردار، تعلیم فکر ونظر کا سب سے بڑا ناصر۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کون ہے جسے اس کریم کے لطف واعطا کا، اس رحیم کے فضل وعطا کا، اس حسین کے حسن اور اس جمیل کے جمال حق نما کا انکار ہو سکے صلی اللہ علیہ وسلم سوا اس کے جو دل کا اندھا ہے، فطرت کا اندھا ہے، باطل کا پرستار ہے، جھوٹ کا خریدار ہے۔ اس کا انکار حیرت انگیز نہیں۔ ہاں ہوتا تو اس کا اقرار تعجب خیز ہوتا۔)

مختصر یہ کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یعنی شمع رسالت کے سچے پروانے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ عرش پناہ میں فریاد والتجا بھی کرتے تھے اور یوں اپنا دامن طلب بھی گوہر مراد سے بھرتے تھے۔ نہ تو وہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کے منکر تھے، ورنہ حاضر وناظر ہونے کے ادھر وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا کا تاجدار سمجھتے تھے تو ادھر شفیع روز شمار مانتے تھے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ خدا کے سارے خزانوں کی چابیاں اسی محبوب کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے دست مبارک میں ہیں اور دین ودنیا کی ہر نعمت ودولت کے قاسم وخازن حضور والا ہی ہیں (صلی اللہ علیہ وسلم) انہیں یقین تھا کہ خدا جو کچھ بھی دیتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے دیتا ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ بھی عنایت فرماتے ہیں، اسی کے فضل سے عنایت فرماتے ہیں۔ نبوت معاذ اللہ الوہیت کی ضد یا اس سے ہمسری کا دعویٰ نہیں بلکہ اس کی مظہریت کا نام ہے۔ ہر نبی علیہ السلام بارگاہ خداوندی میں اپنی امت کا وسیلہ ہوتا ہے اور یہ نبی الانبیاء علیہم الصلوۃ

[illegible] اسے وسیلہ سمجھ کر مانگو، تو اللہ ہی سے مانگتا ہے (کہ یہ اس [illegible] حقیقت ہے کہ ہر مسلم و کافر اسے [illegible] تو کبھی کسی بت پرست سے بھی [illegible] مانگتا ہے تو [illegible] تو صرف اللہ ہی سے مانگتا ہے [illegible]

[illegible]

دعا کی ایک صورت [illegible] کی دوسری صورت یہ بھی ہے کہ یا رسول اللہ علیک الصلوٰۃ والسلام ہمیں فلاں چیز عطا فرما دیجئے۔ ہاں جب ہم نے رسول اللہ [illegible] مگر وہ لوگ جنہیں اللہ نے انبیاء (علیہم السلام) [illegible] کیوں نہ ہو [illegible] ہیں۔

دیکھو [illegible] بنی اسرائیل حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام سے خدا کی بارگاہ میں دعا بھی کراتے ہیں [illegible] سے مانگتے بھی ہیں [illegible]

یہی [illegible] ہے

موسیٰ علیہ السلام [illegible]

یہ کہ موسیٰ علیہ السلام [illegible] واقعہ بھی قرآن مقدس میں مذکور ہے [illegible] فرعون اور اس کی قوم پر مختلف عذابوں کا [illegible] جب بھی ان پر عذاب [illegible] تو [illegible] حضرت موسیٰ علیہ السلام سے قرآن پاک کے مطابق ان الفاظ میں [illegible]

لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ (الاعراف۔۱۳۴)

ترجمہ: بیشک تم ہم پر سے عذاب اٹھا دو گے تو ہم ضرور تم پر ایمان لائیں گے اور بنی اسرائیل کو تمہارے ساتھ کر دیں گے۔

دیکھئے صاف صریح [illegible] موسیٰ علیہ السلام کو مشکل کشا کہہ رہا ہے [illegible] فرعون جیسا خدائی کا جھوٹا مدعی اگر اس طرح کی مشکل کشا کہنا شرک ہوتا تو موسیٰ علیہ السلام ہی اسے سرزنش کرتے اور اپنے معروف جلال کا مظاہرہ فرماتے مگر انہوں نے اسے قطعاً توحید کے خلاف نہ سمجھا۔ پھر اگر موسیٰ علیہ السلام نے اسے توحید کے خلاف نہیں سمجھا تو خداوند کریم ہی اپنے نبی پر معاذ اللہ عتاب فرماتا کہ تمہیں رسول بنا کر بھیجا ہے مشکل کشا بنا کر نہیں بھیجا اے موسیٰ تم تو چھوٹی سے چھوٹی کوتاہی کے تصور پر بھی برہم ہو جاتے ہو حتیٰ کہ اپنے برادر بزرگ کو بھی میری غیرت کی بنا پر معاف نہیں کرتے، فرعون کے بارے میں کیوں خاموش رہے اور کیوں [illegible] سمجھا دیا کہ نبی سے ایسے بے تکا سوال عظمت توحید کے خلاف ہے اور داخل شرک، بلکہ اب تو عذاب ہٹانے کی بجائے اس میں مزید شدت ہی پیدا ہو سکتی ہے۔ نہیں، اسی معبود واحد نے خود اپنے محبوب رسول حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دعا کروانے والے سے عذاب اٹھا لیا (یہ بھی جانتے ہوئے کہ اس نے ایمان لانے کا جھوٹا وعدہ کیا ہے)

دوستو! غور کیجئے دنیا کا کوئی بادشاہ، صدر، گورنر کسی کو اپنا نائب بناتا ہے تو اس کے لائق اسے قدرت بھی عطا فرماتا ہے۔ کیا کبھی بادشاہ کے کسی نائب کو اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے دیکھ کر کسی نے کہا ہے کہ یہ بھی بادشاہ ہے، یا صدر کے نائب کو صدر اور گورنر کے نائب کو گورنر کہا ہے۔ نہیں [illegible] تو اللہ کے نائب کو خدا وہی سمجھ سکتا ہے جو عقل سے بالکل پیدل ہو اور جب کوئی نہیں سمجھتا تو نائب کو خدا سمجھنے کا خطرہ بھی اسی کو محسوس ہوگا جو عقل سے بھی اور دین سے بھی محروم ہے۔ ہاں ہاں بادشاہ کا نمائندہ اپنے عہدے کے لائق اختیارات نہ رکھتا ہو تو یہ اس کی توہین نہیں،

[illegible] بھی تو نہیں ہے۔ [illegible] کوئی بھی اپنے حسب حال [illegible] تصرفات [illegible] رکھتا ہو تو یہ ان کی [illegible] ان کے پیچھے
[illegible] کی مدد کی تو نہیں ہے [illegible] اللہ [illegible] جیسا کہ [illegible] طرف [illegible]
[illegible] اللہ جل [illegible] قدرت خلق [illegible] (علیہ السلام)
میں دکھائے جاتے [illegible] اللہ [illegible] کسی طرح سے کسی شے کی بھی [illegible]
بڑی نہیں ہو [illegible] اللہ [illegible] قوامت [illegible] صفات [illegible] بے شک اللہ [illegible]
[illegible] کے تمام معجزات [illegible] (گویا [illegible] علم والی [illegible] کہ یہ حقائق ہے یعنی [illegible] کی
عطائے) یونہی اللہ کی قدرت کاملہ ذاتی ہے مگر اس کا ظہور [illegible] (اور [illegible]) اللہ مشکلکشا ہے
(مگر [illegible] طور پر ہے) [illegible] مشکلکشا ہے تو [illegible] قدرت [illegible] (یعنی عطائی ہے) [illegible] کہ اللہ نے مجھے بچالیا (تو
حق ہے مگر [illegible] کی نسبت اللہ جل مجدہ کی طرف [illegible] نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے مجھے بچالیا (تو یہ بھی حق ہے مگر یہ نسبت
عطائی ہوگی [illegible] عطائی [illegible] سمجھنا [illegible] کی حماقت [illegible] اشتقات ہے۔ اگر یہ فرق مٹا دیجئے تو فرق مٹانے [illegible] کا کوئی
حق نہیں [illegible] مدد گار زندہ ہے۔

یہ بات تقریباً [illegible] صدی پہلے [illegible] جماعت [illegible] توحید کے موضوع پر لیکچر [illegible] ایک [illegible] (جو غیر
مقلدین کی مسجد کا خطیب بھی تھا) جلسہ میں شامل [illegible] اللہ [illegible] شریک [illegible] صفات میں [illegible]
نہ اس کے افعال میں نہ اس کے اوامر میں۔

تو وہ خطیب [illegible] نفیس ہے۔ [illegible] مدت میں بھی کوئی شریک نہیں، چنانچہ جس لوگ جو حضرت علی کو مشکلکشا کہہ دیتے
ہیں مشرک ہیں۔ میں نے کہا تم بھی سنتے ہو اور اللہ بھی سنتا ہے، یہ بھی شرک ہو گیا لہذا شرک سے بچنے کے لئے اپنے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈلوا
لیں تاکہ تم سننے سے بچ کر شرک سے محفوظ ہو جاؤ۔ پھر میں نے کہا تم بھی دیکھتے ہو اور اللہ بھی دیکھتا ہے تو گویا یہ بھی تمہارے بقول شرک فی الصفات
ہوا، لہذا کوئی گرم سلائی آنکھوں میں پھیر کر اندھے ہو کر شرک سے بچ جاؤ۔ پھر یہ اور سب چھوڑو اللہ زندہ ہے اور تم بھی زندہ ہو، اس کی زندگی سے
نجات حاصل کرو ورنہ جب تک زندہ رہو گے شرک سے نجات نہیں ملے گی۔ میں نے کہا مشکلکشا تو قرآن میں وارد ہی نہیں بلکہ عربی کا لفظ ہی نہیں،
لہ سمیع، بصیر اور حیی (زندہ) یہ سب صفات قرآن پاک میں اللہ سے منسوب ہیں لہذا ان کا بندوبست کرو۔

ہاں جسے مشکلکشا کہتے ہوئے شرک سمجھتا ہے اس کا نام نامی اسم گرامی تو علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) ہے اور علی اللہ نے آیۃ الکرسی میں
اپنے لئے اختیار فرمایا ہے۔ لہذا وہ لفظ مشکلکشا جس کے بارے میں کتاب و سنت میں کہیں تصریح نہیں آئی کہ یہ اللہ کا وصف جمیل یا اسم صفاتی ہے
(کیونکہ جیسا کہ اوپر مذکور ہوا یہ عربی کا نہیں فارسی کا لفظ ہے) ہاں علی کے بارے میں تو صراحت ہے کہ قرآن پاک میں اللہ جل شانہ کے لئے آیا ہے
لہذا تمہیں کہنا چاہئے تھا کہ انہیں علی نہیں کہنا چاہئے کہ یہ شرک ہے اور پھر تم دیکھتے کہ تمہارے فتویٰ شرک کی زد میں کون آتا ہے سارے اصحاب رسول
رضی اللہ عنہم، سب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم، سب تابعین رضی اللہ عنہم سب تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم سارے ائمہ مجتہدین، سارے مجددین، بلکہ
ساری امت۔ اور یہی نہیں تمہارا ناپاک فتویٰ شرک تو امت والی ﷺ تک جا پہنچا ہے کہ بے شمار مواقع پر انہوں نے انہیں علی بلکہ بلاتے ہوئے
یا علی بھی فرمایا بلکہ نام مبارک بھی اپنی زبان مبارک سے رکھا۔ یقیناً اس طرح شرک کی دلدل سے خود انہیں نکلنا ناممکن ہے جو محض لفظی اشتراک کی
بناء پر مسلمانوں پر شرک کا فتویٰ لگا کر خود کافر و مشرک بن جاتے ہیں۔ ہاں ہاں ان کی بھدی زبان میں ان کے ناپاک خیال کے مطابق اگر کسی کو
دانائے غیوب سمجھنا شرک ہے کہ دانائے غیوب صرف اللہ ہے، یا کسی اور کو مددگار جاننا شرک ہے کہ مددگار ایک اللہ ہے اور کسی کو مشکلکشا و حاجت روا
گرداننا اس لئے شرک ہے کہ کسی مفہوم میں بھی انہیں کسی اور کی طرف نسبت دینا توحید کے منافی ہے تو کسی اور کو سمیع (سننے والا) البصیر (دیکھنے والا)

[illegible]

... قدرت کا مظہر ہوتا ہے اور اپنی قوت و طاقت کے اعتبار سے دوسروں سے بہت بالا ہوتا ہے۔ حضرت اقبال نے اسی بنا پر فرمایا تھا

زندہ قوت یہی توحید تھی دنیا میں کبھی
اب کیا ہے، فقط اک مسئلۂ علم کلام

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زور بازو کا
نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

خدائے وحدہ کا دست قدرت تو، زباں تو ہے
یقیں پیدا کر اے غافل کہ مغلوب گماں تو ہے

حقیقت ہے کہ اسلام کی توحید دنیا کی سب سے بڑی قوت ہے جو بندہ مومن کو خدا کی صفات کا مظہر بنا دیتی ہے مگر یہ عشق رسول سے حاصل ہوتی ہے۔ وہابی و نجدی لوگوں نے عشق رسول کی بجائے بغض رسول کا راستہ اپنایا لہذا دھوبی کے کتے کی طرح نہ گھر کے رہے نہ گھاٹ کے۔ انہیں خدا سے تعلق جوڑنے کے لئے بھی نبی کا وسیلہ و واسطہ جو دکھائی دیتا تھا لہذا بچارے سیدھے راستے کی بجائے کسی تاریک پگڈنڈی پر پڑ گئے اور اس میں کہیں گم ہو گئے کہ نہ ابتدا کی خبر ہے نہ انتہا معلوم، ذاتی غرور و تکبر اور بغض و حسد نے انہیں کہیں کا نہ چھوڑا، وہ مقدس ہستیاں جنہیں اللہ ارحم الراحمین نے محض اپنی رحمت سے امت کے لئے وسیلہ بنایا، انہیں امت کا دادرس و فریادرس، حاجت روا و مشکلکشا بنایا، انہیں ان سب سے بیر ہے۔ روحانی سلطنت میں بھی منصب اقتدار میں ہیں کہ اللہ قادر مطلق نے انہیں ان کے مخصوص مرتبے کے مطابق اپنی خلافت و نیابت سے نوازا ان کو ن

پھر سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ انہوں نے شیطان ملعون کی سرپرستی میں حزبِ مخالف سے اپنی وفاداری وابستہ رکھی۔ حزبِ اقتدار میں اللہ کے پاک رسول، نبی، صدیقین، شہداء، صالحین، اغواث، اوتاد، ابدال واقطاب ہیں تو حزبِ اختلاف میں شیطان کے ساتھ وہ سب شیطان، روے شامل ہیں جو ملعون ہیں۔ [illegible] انبیاء علیہم السلام اور اولیاء علیہم الرحمۃ سے متعلقہ [illegible] سے لوگوں کو ان کے ادب سے دور کرتے رہتے ہیں۔ یہ اتفاق [illegible] کی بات کرتے ہیں تو ایمان کی بنا پر نہیں بلکہ جس طرح یہود و عیسائی حب علی الجسم قائم کرنے کے لئے آیات کا حوالہ دیتے ہیں، یہ اگر [illegible] تصدیق کرتے ہیں تو دل سے نہیں بلکہ زبان سے، یہ اگر درود کی پابندی پر زور دیتے ہیں تو بھی معاذ اللہ یہ تصور جتانے کے لئے کہ رسول وہی علیہ الصلوٰۃ والسلام یا نعوذ باللہ علیہم اور کسی کے کام نہیں آتے بلکہ اپنے اعمال ہی کام آتے ہیں۔

گویا ان کا یہاں بھی عمل ہے اور ان کی عبادت بھی شرارت ہے۔ داتا گنج بخش کے مزار پر جانا تو انہیں شرک سوجھتا ہے مگر بت پرستوں کی مدد بلکہ خود بت پرستی میں بھی انہیں کوئی ہچکچاہٹ نہیں۔ (حق یہ ہے کہ ہم خود بھی ایک تصویر میں ابوالکلام آزاد اور حسین احمد ٹانڈوی عرف مدنی و گاندھی کی معیت میں ایک بت کے سامنے سجدہ ریز ہوتے دیکھ کر حیران ہو گئے) پاکستان دولخت ہو جائے تو مسلمانوں کے لئے گویا قیامت کا دوران ہو مگر ان کے لئے مسرت کا دن ہوتا ہے بھارت کو کسی مسئلے میں ناکامی اور پاکستان کو کامیابی ہو تو ان کا پیچ وتاب بوالبی بڑھ جاتا ہے۔

بڑی بات یہ ہے کہ انہوں نے شیطان کی بہت سی پریشانیاں دور کر دی ہیں اور یوں اس ملعون کے بہت ہی بڑے مشکل کشا ثابت ہوئے ہیں۔ کیونکہ اسلامی حلیے سے آراستہ ہو کر مسلمانوں کو اسلام سے اور پیغمبر اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے برگشتہ کرنا شیطان ملعون کے لئے بہت مشکل تھا۔ انہوں نے بڑی مہارت سے نمازیں پڑھ پڑھا کر، خطبے دے دے کر، وعظ سنا سنا کر، بستر اٹھا اٹھا کر بستی بستی جا جا کر اس کی مشکل کشائی کر دی اور اس کی جو حاجت کسی اور طریقے سے بر آنے والی نہیں تھی، ان کی 'حاجت روائی' سے پوری ہو گئی۔ آپ اس بات کو عجیب سمجھیں تو سمجھیں مگر اس کے لئے عجیب نہیں بلکہ روز مرہ کا وطیرہ ہے۔ یعنی ایک شخص ان کی بھولی بھالی شکل دیکھ کر اور ان کی ابتدائی میٹھی میٹھی باتیں سن کر انہیں حضور پرنور شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا غلام سمجھ بیٹھتا ہے اور جب ان پر اس کا اعتماد بالکل پختہ اور غیر متزلزل ہو جاتا ہے تو جس ذات پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی کی سمت کو سامنے رکھ کر وہ اس 'ذات شریف' کا معتقد ہوا تھا، یہ اسی محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف دل و دماغ میں زہر بھرنے کی کوششوں میں مصروف ہو جاتا ہے۔ آپ نے سوچا کہ شیطان کے لئے یہ کام آسان ہے؟ بہت مشکل۔ مگر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جس کے نہایت مقدس لبادے سے آپ کو دھوکا ہو، اس وقت شیطان ہی اس کی شکل وصورت اور لباس میں آیا ہو۔ بہر حال شیطان ہو یا شیطان کا فرزند، دونوں توحید کا نعرہ بہت لگاتے ہیں، ہاں یہ توحید قرآن والی توحید نہیں، نجد والی توحید ہے۔ مختصر یہ کہ ایک توحید تو وہ ہے جو قرآن اور صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھائی اور ایک توحید وہ ہے جو نجد و دیوبند کے صنم خانوں سے برآمد ہوئی ہے۔ یہ دونوں توحیدیں ایک دوسرے کے برعکس ہیں، افسوس! آج مسلمانوں میں وہ پہلا جذبہ عشق نہیں، وہ قوت ایمانی نہیں، وہ غیرت اسلام نہیں اور وہ شوق جہاد نہیں رہا جو اس امت کا کبھی طرہ امتیاز ہوا کرتا تھا، اس لئے شیطان کے سب فرزند بہت خوش ہیں اور اس کے سب ورکر نہایت سرگرم ہیں۔ اس کا شعبہ 'توحید' تو خصوصاً مدارس، جامعات، اور مساجد تیار کرنے میں بڑی مستعدی دکھا رہا ہے۔ مگر افسوس قرآنی توحید والا، رسول اکرم و اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمتوں کا دم بھرنے والا، اہل بیت اطہار اور اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کا دلدادہ، حضور غوث الثقلین رضی اللہ عنہ اور حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرضوان کا وابستۂ عقیدت حضور شاہ ولایت اور حضور نقش لاثانی قدس سرہما کے جلووں سے اپنی آنکھیں مستنیر کرنے والا، زمانے کی گردش سے بے خبر ہے اور حالات کو درست سمت پر چلانے کے جذبے سے بے نیاز ہے۔

بجھی عشق کی آگ، اندھیر ہے
مسلماں نہیں، راکھ کا ڈھیر ہے

کسی نے مرزائیوں کی طرح رشتے داری میں اسے پھنسایا، کسی نے دوستی کے لبادے میں اسے لوٹا، کسی نے شیخ القرآن اور شیخ الحدیث کے منصب پر براجمان ہو کر اسے غیرت عشق سے محروم کیا، کبھی غربت نے اس کا کچومر نکالا اور کہیں بے روزگاری نے اسے مار ڈالا۔ گویا دشمن اسے مارتے گئے اور یہ مار کھاتا رہا، اور یہاں تک بے حس ہو گیا کہ مار سے بچنے کی تدبیر سے بھی لاتعلق ہو گیا۔

[illegible] شرک سے [illegible]

[illegible] قرآن کی توحید سے [illegible] توحید [illegible]

کرو دیا ہے کہ اس سے ان کی [illegible] ان کے [illegible] دشمن [illegible] گئی ہیں۔ [illegible]

والی [illegible] کتاب قرآن مجید بھی شرک [illegible] کی ایسے [illegible] پوچھیں [illegible]

جیسے مقدس ناموں میں قرآن پاک سے اور حدیث کے حوالوں کا استعمال [illegible] شرک [illegible] قرآن پاک [illegible]

جناب [illegible] کرتے ہیں تو [illegible]

وما نقموا إلا أن أغناهم الله ورسوله من فضله (توبہ ۷۴)

ترجمہ اور انہیں کیا برا لگا یہی نا کہ اللہ و رسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا۔

یونہی حدیث پاک میں وارد ہوا

آپ سوال کریں [illegible] آپ فرمائیں

اللہ اور اس کے رسول [illegible] بھی مددگار ہوتے ہیں تو [illegible] قرآن پاک سے پوچھے [illegible]

إنما وليكم الله ورسوله والذين آمنوا الذين يقيمون الصلوٰة ويؤتون الزكوٰة وهم راكعون ○ (المائدہ ۵۵)

ترجمہ تمہارے مددگار نہیں مگر اللہ اور اس کا رسول اور وہ ایمان والے جو نماز قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے [illegible]

بلکہ وہ تو آپ ﷺ کے مددگاروں کی فہرست کا [illegible] کرتا ہے

فإن الله هو مولاه وجبريل وصالح المؤمنين والملائكة بعد ذلك ظهير ○ (تحریم ۴)

ترجمہ بیشک اللہ ان کا مددگار ہے اور جبریل اور نیک ایمان والے اور اس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں۔

ہاں یہ تو بتائیے [illegible] کافی ہے اور قرآن پاک [illegible] ملتے میں کیا وعید [illegible]

وقالوا حسبنا الله ونعم الوكيل ○ (آل عمران ۱۷۳)

ترجمہ اور [illegible] کہ [illegible] کی خبریں [illegible] آپ کہہ دیں کہ میرے لئے اللہ [illegible]

رسول ﷺ کافی ہیں۔ [illegible] قرآن پاک [illegible] جہاں [illegible] بھی فرما دیا۔

يا أيها النبي حسبك الله ومن اتبعك من المؤمنين ○ (الانفال ۶۴)

ترجمہ غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ تمہیں کافی ہے اور یہ جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے

علم غیب کے بارے میں جہاں [illegible]

وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها إلا هو (الانعام ۵۹)

ترجمہ اور اسی کے پاس ہیں کنجیاں غیب کی انہیں وہی جانتا ہے۔

وہیں پر صراحت بھی فرما دی

عالم الغيب فلا يظهر على غيبه أحدا ○ إلا من ارتضى من رسول (الجن ۲۶،۲۷)

ترجمہ غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے

قرآن پاک میں تضاد نہیں ہو سکتا کہ [illegible] جس میں شک کی گنجائش نہیں

پھر بھی بظاہر یہ متضاد مفہوم کیوں نظر آتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ان مفاہیم میں قطعی تضاد نہیں۔ جہاں فرمایا اللہ ہی مددگار ہے [illegible]

پر مددگار وہی ہے اور جہاں دوسرے مددگاروں کا ذکر [illegible] مددگاری [illegible] ہے۔ اسی طرح علم غیب اور دوسرے مسائل میں

[illegible] علم بھی [illegible] خود پر [illegible] ۔ [illegible] کو بحث [illegible] کا بہت شوق تھا۔ بحث کے دوران میں نے کہا اللہ کا علم
[illegible] اور حضور ﷺ کا [illegible] عطائی ہے [illegible] ۔ [illegible] عام [illegible] جو مجھ سے بات کرنا کہنے لگا
[illegible] میں نے پوچھا ان کا علم ذاتی ہے یا عطائی [illegible] عطائی
[illegible]
اس فرق کو پہلے بھی توحید [illegible]

خدا کے علم کو عطائی [illegible] سے [illegible] ہو جاتا ہے۔ ایمان ختم ہو جاتا ہے۔ [illegible] ایمان کے ختم جانے سے کوئی دلچسپی نہیں، گستاخی [illegible] ان کے سوال کی [illegible] پاک پر غور و فکر [illegible] کی انہیں ضرورت نہیں۔ حضرت مجدد ملت نے یہاں ایک نکتہ بڑی تفصیل سے بیان فرمایا ہے، جس [illegible] خوش ہوں گویا [illegible] بحث کا خلاصہ ہے (اگرچہ [illegible] دقیق ہے مگر نہایت مبارک [illegible] اور باطل [illegible] ہے)

فرق و مناسبہ لغویہ۔ نسبت [illegible] دو قسم ہے حقیقی کہ مسند الیہ حقیقۃً [illegible] سے متصف ہو اور مجازی کہ کسی علاقہ سے غیر متصف کی طرف نسبت [illegible] جیسے [illegible] جالس سفینہ کو متحرک کہتے ہیں حالانکہ حقیقۃً [illegible] کشتی [illegible] متحرک ہیں۔ پھر حقیقی بھی دو قسم ہے ذاتی کہ خود اپنی ذات سے [illegible] عطائی کہ [illegible] حقیقۃً متصف [illegible] اس وصف سے متصف ہو جیسے [illegible] الثبوت میں [illegible] ان سب صورتوں کی [illegible] تمام [illegible] قرآن و احادیث میں شائع و [illegible] مثلاً [illegible] عام [illegible] کہنا۔

فرق ذاتی و عطائی قرآن عظیم میں جابجا [illegible] رسل اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نسبت لفظ علیم وارد ہے حقیقت عطائیہ ہے۔ یعنی عطائے الٰہی [illegible] حقیقۃً متصف علم ہیں اور مولیٰ عزوجل نے اپنے نفس کریم کو علیم فرمایا یہ حقیقت ذاتیہ ہے کہ وہ کسی کی عطا سے [illegible] ذات سے عالم ہے۔ [illegible] کہ ان اطلاقات میں فرق نہ کرے۔ [illegible] مسائل شرکیہ [illegible] علم غیب و تصرفات و مدد و سماع فریاد [illegible] اسی فرق نہ کرنے پر مبنی ہیں"۔

جملہ معترضہ [illegible] طول پکڑ گیا۔ بات تو یہ ہو رہی تھی کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عشق و ادب کی راہ پر چل رہے تھے اس لئے اللہ کی ذات و صفات پر ان کے اطمینان کے ساتھ ایمان رکھتے تھے اور یہ دل کا اطمینان بھی دراصل محبوب خدا سرور دو عالم حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کی محبت و صحبت کے فیض سے تھا۔ انہیں منافقین کے برعکس اللہ کے محبوب ﷺ ہر محبوب سے محبوب تر تھے۔ آج بھی اگر کوئی حق کے راستے پر چلنا چاہتا ہے اور سچے اسلامی عقائد کی تلاش میں ہے تو قرآن پاک کی رو سے اسے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نقش قدم پر چلنا ہوگا۔ چنانچہ آپ تحقیق کر کے دیکھیں تو اہل سنت کے جن عقائد کو مخالفین شرک سے تعبیر کرتے ہیں صدر اسلام میں وہ سب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عقائد تھے اور خود ان مخالفین کا شجرہ عقائد و افکار اصحاب عظام علیہم الرضوان سے نہیں بلکہ منافقین سے ملتا ہے، مثلاً آج انہیں حضور پر نور ﷺ کے علم غیب سے انکار ہے تو ابتدائے تاریخ اسلام میں منافقین مدینہ بھی حضور ﷺ کے علم غیب کے منکر تھے۔ آج انہیں حضور پر نور ﷺ کی مددگاری، مشکل کشائی اور حاجت روائی سے انکار ہے تو دور اول میں منافقین کا طرز فکر بھی یہی تھا۔ اس کے برعکس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو مددگار، مشکل کشا و حاجت روا بھی سمجھتے تھے۔ آج ادب رسول ﷺ کی جن ادا کو منافقین نے شرک ٹھہرا لیا ہے تو یہ سبق بھی انہوں نے انہیں منافقین کے مکتب بغض و حسد اور مدرسہ کبر و غرور سے حاصل کیا ہے۔ پہلے منافقین بارگاہ رسالت ﷺ کی حاضری سے حتی المقدور رکتے اور روکتے تھے، آج بھی منافقین کا یہ طرز عمل ہے۔ یہ الگ بات ہے ان گندم نما جو فروشوں کا پہلا نام آیات و روایات میں منافقین تھا۔ پھر [illegible] میں [illegible] کے نام سے سامنے آئے اور دور حاضر میں جب انگریزوں کی نظر کرم بھی ان کے شامل حال ہوئی تو اہل حدیث اور دیوبندی کہلائے۔

توحید اور محبوبانِ خدا کے کمالات

قسط: 64

پروفیسر محمد حسین آسی

(غزوۂ حنین کے حوالے سے)

گزشتہ قسط میں آپ نے فتح مکہ میں رونما ہونے والے معجزات سے اپنے ایمان کی آنکھیں ٹھنڈی کیں۔ اب غزوۂ حنین کمالات و معجزات کا ذکر ملاحظہ فرمائیے اور اس حقیقت کو پیش نظر رکھئے۔ ایسے ہی موقع پر حضرت نسیم دعوت نے لکھا:

بشنا کی حضرت حوا کا بدولت حنین آورد تصرف دے پنہاں بحکم آشکار شد

پہلے اس غزوۂ حنین کا پس منظر اجمالی طور سے ذکر کرتے ہیں۔ وادی حنین مکہ معظمہ سے چودہ پندرہ میل کے فاصلے پر ہوازن کا مسکن تھا۔ فتح مکہ کو دیکھ کر بہت سے قبائل اسلام کی حقانیت کی دلیل جان کر اس کے حلقہ بگوش ہو گئے مگر ہوازن جنھیں اپنی قوت پر بیا ناز تھا کہ اس سے پہلے بھی قریش سے لڑتے رہتے تھے حتیٰ کہ حرم اور حرمت والے مہینوں میں بھی جنگ سے باز نہیں آتے تھے، کفر و شرک کے دفاع کی تیاریاں کرنے لگے۔ ان کے رشتہ دار بنو ثقیف کا بھی یہی حال تھا۔ فتح مکہ کے بعد طرف و کناف کے قبائل تہس نہس کیے گئے تو ہوازن اور بھی مشتعل ہو گئے۔ ہوازن کے سردار مالک بن عوف اور ثقیف کے امیر کنانہ بن عبد یالیل نے صلاح مشورے کر کے تیس ہزار کا لشکر جمع کر لیا۔ سپہ سالار اعلیٰ مالک بن عوف کے حکم کے مطابق لشکریوں کی بیویاں بچے اور مال مویشی بھی ساتھ آئے تھے۔ حضور پرنور ﷺ نے عبداللہ ابن ابی حدرد رضی اللہ عنہ کو کفار کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے بھیجا۔ انھوں نے چشم دید حالات کی رپورٹ پیش خدمت کی۔

حضور پرنور ﷺ دس ہزار اصحاب اور دو ہزار طلقائے مکہ کو لے کر حنین کی طرف روانہ ہوئے (اس سفر میں امہات المؤمنین میں سے حضرت ام سلمیٰ اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہن بھی شریک سفر تھیں) طلقائے مکہ میں اگرچہ مخلص حضرات بھی تھے مگر ایسے بھی تھے جو ابھی تک پوری طرح اسلام کی فتح سے خوش نہیں تھے اور بعض شیبہ بن عثمان جیسے لوگ بھی تھے جو موقع پا کر حضور پرنور ﷺ کو شہید کرنے کے پروگرام سے شامل لشکر ہوئے تھے۔ بعض مسلمانوں کی زبان سے جنگ سے پہلے یہ جملہ نکل گیا۔ لَنْ نُغْلَبَ الْيَوْمَ مِنْ قِلَّةٍ (یعنی آج ہم تعداد کی کمی کے باعث ناکام نہیں ہوں گے) حضور ﷺ کو سخت ناگوار گزرا۔ بعض نے مکہ اور مدینہ کے بہادروں کی کثرت دیکھ کر کہا اَلْاٰنَ نُقَاتِلُ حِيْنَ اجْتَمَعْنَا (یعنی آج ہم جب اکٹھے ہو کر دشمن کا مقابلہ کریں گے تو لڑنے کا مزہ آ جائے گا) حضور ﷺ نے اسے بھی ناپسند فرمایا۔

چنانچہ گھات میں چھپے ہوئے جنگجوؤں نے تیروں کی بارش کی تو لشکر اسلام کی کثرت کے پاؤں اکھڑ گئے ظاہر ہے یہ طرز تکبر اور نخوت و غرور کی سزا تھی۔ حضور ﷺ کی بے مثال استقامت سے لشکر دوبارہ اکٹھا ہوا اور بپھرے کے چیلے سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ نکلے۔

غیب کی خبر اب آئیے چند کمالات و تصرفات کا ذکر کریں

حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ عنہ نے جنگ سے ایک روز پہلے عرض کیا یا رسول اللہ! میں لشکر اسلام کے آگے آگے جا رہا تھا، جب میں

علاں پہاڑ پر چڑھا تو دیکھا سارا قبیلہ ہوازن عورتوں بچوں، اونٹوں اور بکریوں سمیت سامنے وادی میں اکٹھا ہو چکا ہے تو سرکار دو عالم ﷺ نے بڑے اطمینان سے فرمایا۔

تِلْكَ غَنِيمَةُ الْمُسْلِمِينَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

ترجمہ: کل یہ تمام چیزیں مسلمانوں کا مال غنیمت بن جائیں گی، ان شاء اللہ

سفید رنگ کے آدمی: ۱۰ شوال منگل کی شام کو حضور پر نور ﷺ وادی حنین میں تشریف فرما ہوئے مالک بن عوف نے لشکر اسلام کا جائزہ لینے کیلئے تین جاسوس بھیجے۔ وہ واپس گئے تو کانپ رہے تھے۔ مالک نے کہا تمہارا خانہ خراب' کیوں کانپتے ہو۔ بولے جب ہم مسلمانوں کی لشکرگاہ میں پہنچے تو ہم نے سفید رنگ کے آدمی ابلق گھوڑوں پر سوار دیکھے ہم پر لرزہ طاری ہو گیا۔ بخدا ہمیں تو یوں معلوم ہوتا تھا کہ ہماری جنگ اہل زمین سے نہیں اہل آسمان سے ہے۔ ہماری مانو تو اپنی قوم کو واپس لے جاؤ، اگر دوسروں نے بھی یہ منظر دیکھ لیا تو سردو بد، عدم ہو جائیں گے، مالک نے کہا تم پر افسوس تم سارے لشکر سے زیادہ بزدل ہو اور اس کے حکم پر انہیں الگ مکان میں بند کر دیا گیا۔ پھر متفقہ طور پر سب سے بہادر آدمی کو اسی مقصد کیلئے بھیجا گیا، اس کا رنگ بھی اڑا ہوا تھا، پسینہ بہہ رہا تھا اور تھر تھر کانپ رہا تھا۔ اس نے بھی مالک کے پوچھنے پر ویسی ہی رپورٹ دی مگر اس نے جنگ کا ارادہ ترک نہ کیا۔

سچے نبی ﷺ کی شجاعت و استقامت اوپر آپ پڑھ چکے ہیں کہ بعض فرزندان اسلام نے اپنی کثرت قوت و شوکت پر ناز کیا تو اس کی نحوست کی بنا پر پہلے پہل لشکر اسلام کے پاؤں اکھڑ گئے۔ مگر اس موقع پر بھی اللہ کے حبیب لبیب ﷺ جو خچر کو اپنی سواری سے مشرف فرما رہے تھے، پوری طرح مطمئن تھے اور آہستہ آہستہ (لشکر کفار کی طرف) آگے ہی بڑھتے جا رہے تھے۔ تیروں کی اس برسات میں حضور پر نور ﷺ نے دائیں طرف رخ انور موڑا اور بلند آواز سے پکارا

يَا أَنْصَارَ اللّٰهِ وَأَنْصَارَ رَسُولِهِ أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ إِلَيَّ أَيُّهَا النَّاسُ

ترجمہ: اے اللہ اور اس کے رسول کے مددگارو میں اللہ کا بندہ اور رسول ہوں، میری طرف پلٹو۔ ا

یہی وہ موقع تھا جس کا بیان قرآن پاک میں یوں آیا

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے خچر کی لگام پکڑی ہوئی تھی، حضرت ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے رکاب تھامی ہوئی تھی۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض حضرت ابوسفیان کی مجاہدانہ تیغ زنی کو دیکھ حضور پر نور ﷺ سے راضی ہونے کی سفارش کی تو جان رحمت ﷺ نے دعا فرمائی غفر الله له كل عداوة عادانيها (یعنی اس نے جو عداوت بھی میرے ساتھ روا رکھی اللہ اسے بخشے)

جملہ معترضہ خیال فرمایئے حضور پر نور شافع یوم النشور ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ میں نے بخشا بلکہ اللہ سے بخشش کی دعا مانگ رہے ہیں۔ گویا حضور ﷺ کی دشمنی، گستاخی ایسا بدترین جرم ہے جسے اللہ جل جلالہ نے جو حافظ و طالب محبوب ہے، اپنے حوالے رکھا۔ سورۃ مزمل میں ہے۔

وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ۝ (المزمل۔۱۱)

ترجمہ: اور مجھ پر چھوڑ دو، ان جھٹلانے والے مالداروں کو اور انہیں تھوڑی مہلت دو

بہرحال پھر آیئے حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی سعادت کے ذکر کی طرف۔ خود فرماتے ہیں حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا اخی (اے میرے بھائی) تو (مارے خوشی کے) فَقَبَّلْتُ رِجْلَهُ فِي الرِّكَابِ (یعنی میں نے رکاب میں حضور ﷺ کے پائے اقدس کو بوسہ دیا) حضور جان نور ﷺ نے فرمایا

أَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ مِنْ شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

ترجمہ: ابوسفیان بن حارث جوانان جنت میں سے ہیں

ا: [illegible]

[illegible]

[illegible] حضرت فاضل بریلوی نے [illegible]

جو تیرے در سے یار پھرتے ہیں ... در بدر یونہی خوار پھرتے ہیں

مٹھی بھر سنگریزے: [illegible] (نے تاریخ میں) اور بیہقی نے عمرو بن سفیان ثقفی سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے حنین کے دن ایک مٹھی بھر سنگریزے لئے اور [illegible] چہروں پر مارا [illegible] ہو گئی۔ اس وقت یوں محسوس ہوتا تھا کہ ہر ایک پتھر [illegible] ہماری تلاش ہے۔

(الخصائص الکبریٰ)

بعض روایت کے مطابق حضور پرنور ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو مٹھی بھر سنگریزے دینے کا ارشاد فرمایا تو آپ کا خچر خود بخود جھک گیا یہاں تک کہ اس کا پیٹ زمین سے جا لگا۔ حضور پرنور ﷺ نے کنکریوں کی مٹھی بھر کر کافروں کی طرف پھینکا اور زبان پاک سے فرمایا

شَاهَتِ الْوُجُوْهُ هُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ

ترجمہ دشمنوں کے چہرے بدنما ہو جائیں، ان کی مدد نہیں کی جائے گی

چنانچہ دشمنوں کا ایک سپاہی بھی ایسا نہ رہا جس کی آنکھوں میں وہ کنکریاں نہ پڑی ہوں۔ دشمن کے سپاہی ہر طرف تھے اور وہ سب کے سب دیکھنے سے معذور ہو گئے۔

یہ واقعہ غزوہ بدر میں بھی پیش آیا تھا۔ حضور پرنور ﷺ کی یہی ادائے دلبرانہ تھی جس کا ذکر قرآن پاک نے یوں فرمایا۔

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (الانفال۔۱۷)

ترجمہ اور اے محبوب وہ خاک جو تم نے پھینکی تم نے نہ پھینکی، بلکہ اللہ نے پھینکی۔

[illegible] سے وہ بھاگ گئے
[illegible] ہے۔

[illegible] کیسی لشکر یاں تھیں وہ
جن سے لڑتے کافروں کا لشکر [illegible]

[illegible]

[illegible]	سراپا انتظار [illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

فرشتوں کا نزول: [illegible] ابونعیم اور بیہقی نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ غزوہ حنین میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا [illegible] ایک سیاہ چادر [illegible] آسمان سے [illegible] اور قوم کے [illegible] ہماری شکست کے علاوہ اور کچھ نہیں تھا۔ ہم [illegible] یہ شک نہیں کرتے کہ وہ فرشتے تھے۔ (الخصائص الکبریٰ)

دست اقدس کی برکات: [illegible] ابونعیم اور ابن عساکر کے مطابق [illegible] فرماتے ہیں کہ غزوہ حنین میں میری پیشانی پر ایک [illegible] حضور ﷺ نے میرے چہرے سینے اور پیٹ تک [illegible] دست اقدس [illegible] کے سینے کے اس حصے [illegible] دست اقدس پھرا تھا۔ وہ نشان ایسا تھا جیسے گھوڑے کی پیشانی پر پھیلی ہوئی سفیدی۔ (الخصائص الکبریٰ)

لعاب مبارک کی تاثیر: [illegible] حضرت عبدالرحمن بن ازہر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ خالد بن ولید غزوہ حنین کے دن زخمی ہوئے [illegible] رسول اکرم ﷺ نے ان کے زخم پر لعاب مبارک لگایا [illegible] وہ اچھے ہو گئے۔ (الخصائص الکبریٰ)

شیبہ بن عثمان کی کایا پلٹ: ابوالقاسم [illegible] بیہقی، ابونعیم اور ابن عساکر میں حضرت شیبہ بن عثمان (رضی اللہ عنہ) کی روایت یوں ہے آپ فرماتے ہیں جب نبی اکرم ﷺ نے حنین والوں سے جہاد کیا تو مجھے اپنے باپ اور چچا کو یاد کیا کہ ان کو حضرت علی اور حضرت حمزہ (رضی اللہ عنہما) نے قتل کیا تھا اور میں نے اپنے دل میں کہا کہ آج کے دن (حضرت) محمد (ﷺ) سے میں اپنا انتقام لوں گا۔ چنانچہ میں آپ ﷺ کے قریب آیا تو میں نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور ﷺ کی دائیں طرف دیکھا۔ سوچا چچا ہیں چھوڑ کر نہیں جائیں گے۔ بائیں طرف آیا تو ابوسفیان بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے، دل میں کہا یہ چچازاد ہیں، چھوڑنے والے نہیں۔ چنانچہ پھر میں پیچھے سے آیا اور قریب تھا کہ تلوار سے حملہ کرنے میں کوئی دقت نہیں تھی۔ مگر اس وقت میرے سامنے بجلی کی طرح آگ کا ایک شعلہ بلند ہوا اور میں ڈر کے مارے پیچھے ہٹ گیا۔ رسول اکرم ﷺ نے میری طرف مڑ کر دیکھا اور فرمایا شیبہ میرے قریب آؤ (اُدْنُ یَا شَیْبَۃ) میں قریب ہوا تو حضور پرنور ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ پھیر کر دعا فرمائی

اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنَ الشَّیْطَانِ

ترجمہ: اے اللہ اسے شیطان سے پناہ عطا فرما۔

میں نے حضور ﷺ کی طرف نظر اٹھائی تو مجھے کان، آنکھ اور جان سے بھی محبوب تر ہو چکے تھے اور جو کچھ (وہ اس ارادے سے کہیں بہتر تھا) جو تیرے بارے میں کہا (کفر طغیان) میرے اندر اللہ تعالیٰ نے اسے نکال دیا تھا۔ پھر ارشاد عالی ہوا قریب ہو اور (کفار سے) جہاد و قتال کرو۔ سو میں حضور ﷺ کے آگے اپنی تلوار سے قتال کرنے لگا۔ اللہ جانتا ہے کہ اس وقت میں حضور ﷺ پر جان تک قربان کرنے کیلئے تیار ہو گیا، بلکہ

باپ بھی سامنے آتا تو میں اسے بھی تہ تیغ کر دیتا۔

اس کے بعد حضور پر نور ﷺ اپنے حجرہ مبارک میں جلوہ گر ہو گئے تو میں بھی محض دیدار کی نیت سے حجرہ مقدس میں داخل ہو گیا۔ حضور پر نور ﷺ نے میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا شیبہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ ارادہ فرمایا، پھر حضور ﷺ نے میرے جی میں چھپی ہوئی باتیں جنہیں میں نے کبھی کسی سے بیان نہیں کیا تھا سب کی سب مجھ سے بیان کر دیں (جس کی بنا پر) مجھے کہنا پڑا:

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضور اس کے رسول ہیں (ﷺ)

پھر میں نے فریاد کی اِسْتَغْفِرْ لِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (یا رسول اللہ میرے لئے بخشش طلب کیجئے) تو فرمایا غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ (اللہ تجھے بخشے)

وضو کا اہتمام ابونعیم نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اکرم ﷺ کے ساتھ ہم نے ہوازن سے جہاد کیا۔ ہمیں بہت زیادہ مشقت پیش آئی۔ مشکیزے میں ایک قطرہ پانی تھا۔ حضور پر نور ﷺ نے منگوایا۔ اسے آپ نے ایک پیالے میں الٹا۔ چنانچہ ہم نے اس سے وضو کرنا شروع کیا حتیٰ کہ ہم سب نے وضو کر لیا۔

رحمت تمام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جلوۂ رحمت میدان جنگ میں حضور پر نور سرکار رحمۃ للعالمین ﷺ نے ایک عورت کی لاش پڑی ہوئی دیکھی تو برہمی کا اظہار فرمایا اور ایک آدمی کو دوڑایا کہ وہ خالد بن ولید (رضی اللہ عنہ) کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ پیغام پہنچائے کہ حالات کتنے ہی اشتعال انگیز ہوں لیکن بچوں اور عورتوں کو قتل کرنے کی ہرگز اجازت نہیں۔

غزوہ حنین کے بعد بھگوڑوں کا ایک حصہ اوطاس بھاگ گیا تو انہیں وہاں بھی شکست سے دوچار ہونا پڑا تو یہاں کے امراء بیست اور جنگی قیدی بھی ادھر پہنچا دیئے گئے۔ متکفین کو تاکید فرمادی گئی کہ اسیران جنگ کی دیکھ بھال کرنے میں کوتاہی نہ برتی جائے۔

(نوٹ یہ ہے محبوب خدا علیہ التحیۃ والثناء کا سلوک غیروں سے آج بدبخت بش کا سا بیت کے ساتھ جو رویہ ہے اس کو سامنے رکھ کر فیصلہ کیجئے کیا اسلام کے سوا بھی کہیں اس دامن اعدل وانصاف اور رحم وکرم کی کوئی گنجائش نظر آتی ہے)

طائف کا محاصرہ ہوازن سے بھاگنے والے اکثر و بیشتر طائف میں پناہ گزیں ہو گئے۔ مالک بن عوف جسے جنگ کا سب سے زیادہ شوق تھا، بھگوڑوں میں سب سے آگے تھا۔ چنانچہ قلعہ طائف کا محاصرہ کر لیا گیا۔ یہاں بہت سے غلام بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور حسب وعدہ آزادی سے بہرہ ور ہوئے۔ حضرت سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے مشورے منجنیق اور دبابہ کا استعمال ہوا۔ محاصرہ لمبا ہو گیا تو بعض حکمتوں کی بنا پر اسے اٹھالیا گیا۔ ایک حکمت تو بالکل ظاہر تھی کہ مسلمانوں کے اخلاق سے متاثر ہو کر سب بنو ہوازن اور اکثر (اہل طائف) بنو ثقیف نے اسلام بھی قبول کر لیا۔ پھر دوسری حکمت یہ کہ شوال کے اختتام میں چند دن باقی تھے اور آگے حرمت والے مہینے شروع ہونے والے تھے (جن میں جنگ وجدال جائز نہیں)۔ علاوہ ازیں حضرت نوفل بن معاویہ دیلمی رضی اللہ عنہ نے محاصرہ جاری رکھنے کے سلسلے میں مشورہ پوچھنے پر عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) ایک لومڑی بھٹ میں گھسی ہوئی ہے اگر آپ وہاں ٹھہرے رہیں گے تو ضرور اس کو پکڑ لیں گے اور اگر آپ اس کو نظر انداز کر دیں تو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

ابوسفیان بن حرب کا ڈھیلا ایک دن اہل طائف نے تیروں کی بارش سی برسا دی تو حضرت ابوسفیان (جو فتح مکہ تک کفار مکہ کے چیف کمانڈر رہے) کی ایک آنکھ ضائع ہو گئی۔ وہ ڈھیلا ہاتھ پر رکھے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو ارشاد ہوا۔ ابوسفیان! تم اس کے بدلے میں جنت میں آنکھ لینا چاہتے ہو یا دعا کروں یہی آنکھ درست ہو جائے۔ انہوں نے جنتی آنکھ کو ترجیح دی اور ڈھیلا زمین پر دے مارا۔ دوسری آنکھ جنگ یرموک میں حضور فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں ضائع ہو گئی

رحمت عالم ﷺ کی دعائے رحمت طائف کا محاصرہ اٹھاتے وقت بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) ثقیف کے خلاف دعا کیجئے تو سرکار دو عالم ﷺ نے انہیں دعائے خیر سے نوازا اور عرض کیا اَللّٰهُمَّ اهْدِ ثَقِيْفًا وَّائْتِ بِهِمْ (اے اللہ

ثقیف کو ہدایت عطا فرما کر میرے پاس بھیج دے) چنانچہ یہ لوگ جلد ہی مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے اور بارگاہ رسالت ﷺ میں دولت ایمان سے مالا مال ہو کر لوٹے۔

وفد ہوازن: حضور پر نور ﷺ طائف سے جعرانہ تشریف لے آئے تو ہوازن کی طرف سے چودہ آدمی وفد بنا کر زہیر بن صرد کی قیادت میں حاضر ہوئے۔ ان میں حبیب کبریا علیہ التحیۃ والثناء کے چچا ابو برقان بھی تھے۔ ان سب نے اسلام قبول کر لیا۔ ابو برقان اور پھر زہیر بن صرد (رضی اللہ عنہما) نے قیدیوں کی رہائی کیلئے فریاد کی۔ نیز زہیر نے ایک قصیدہ بھی پڑھ کر سنایا جو درج ذیل شعر سے شروع ہوتا تھا۔

اُمْنُنْ عَلَیْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فِیْ کَرَمٍ ۔۔۔ فَاِنَّکَ الْمَرْءُ نَرْجُوْہُ وَنَنْتَظِرُ

ترجمہ: اے اللہ کے رسول ہم پر ازراہ کرم احسان فرمایئے کیونکہ آپ کی ذات پاک ہی ایسی ہے جس سے خیر کی امید کی جاتی ہے اور جس کے احسان کا انتظار کیا جاتا ہے

اب آگے اعلیٰحضرت فاضل بریلوی قدس سرہ کے الفاظ میں واقعہ نہایت اختصار سے سنیے

"جب وفد ہوازن خدمت اقدس حضور سید عالم ﷺ میں حاضر ہوئے اور اپنے اموال و اہل و عیال کے مسئلہ میں بیعت میں لائے تھے، حضور سے مانگے اور طالب احسان والا ہوئے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا

اِذَا صَلَّیْتُمُ الظُّهْرَ فَقُوْلُوْا اِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَوِ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ نِسَائِنَا وَاَبْنَائِنَا

(جب تم ظہر کی نماز پڑھ چکو تو کھڑے ہونا اور یوں کہنا: ہم رسول اللہ ﷺ سے استعانت کرتے ہیں مومنین پر اپنی عورتوں اور بچوں کے باب میں (النسائی ۔۔۔۔) حدیث فرمائی۔ سید عالم ﷺ نے جس میں تعلیم فرمائی کہ ہم سے مدد چاہنا۔ نماز کے بعد یوں کہنا کہ ہم رسول اللہ ﷺ سے استعانت کرتے ہیں۔ والاستمداد

حضور پر نور ﷺ نے تو ان کے حاضر ہوتے ہی اپنے اور بنی عبد المطلب کے حصے کے غلام اور کنیزیں (یعنی ان کے بچے اور عورتیں) سب عطا فرما دی تھیں۔ اب نماز ظہر کے بعد جب انہوں نے ارشاد عالی کے مطابق رسول اللہ ﷺ سے مدد چاہی تو حضور پر نور ﷺ نے اپنے اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کی طرف متوجہ ہوئے تو پہلے مہاجرین اور پھر انصار نے بیک زبان عرض کیا

وَمَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

ترجمہ: اور جو کچھ ہمارا ہے سو وہ (سب کا سب) رسول اللہ ﷺ کا ہے۔

عدل و انصاف کا نادر نمونہ:

حضرت عبداللہ بن ابی بکر سے مروی ہے کہ حنین کے ایک مجاہد نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا اور میں اپنی اونٹنی پر سوار تھا۔ میرے پاؤں میں اس وقت موٹی جوتی تھی۔ میری اونٹنی حضور ﷺ کی اونٹنی کے ساتھ آ ٹکرائی اس طرح میری موٹی جوتی کا ایک کنارہ حضور ﷺ کی پنڈلی مبارک کے ساتھ جا ٹکرایا جس سے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو تکلیف ہوئی۔ حضور ﷺ کے دست مبارک میں ایک چھڑی تھی۔ آپ نے اس کو میرے پاؤں پر مارا اور فرمایا تو نے مجھے تکلیف پہنچائی ہے، مجھ سے پیچھے ہو کر چلو۔ میں ایک طرف ہو گیا۔ دوسرے روز حضور ﷺ نے مجھے تلاش کرنا شروع کر دیا۔ جب مجھے پتہ چلا میں نے یہ خیال کیا کہ کل میں نے حضور ﷺ کو اذیت پہنچائی تھی، اس کے بارے میں شاید حضور علیہ الصلوۃ والسلام مجھے سرزنش فرمائیں گے۔ میں حاضر ہوا، مجھے تو یہ اندیشہ تھا کہ کل والی غلطی پر سرزنش کی جائے گی۔ لیکن حضور ﷺ نے میری توقعات کے بالکل برعکس فرمایا کل تیرا پاؤں میری پنڈلی سے ٹکرایا تھا، جس سے مجھے اذیت پہنچی تھی اور میں نے چھڑی سے تمہارے پاؤں کو مارا تھا۔ اب میں نے تمہیں بلایا ہے تاکہ اس چھڑی مارنے کا تمہیں معاوضہ ادا کروں۔ پس حضور ﷺ نے مجھے اسی بکریاں اس کے

سے غنی عطا فرما دیں

سرورِ جود و کرم جود ﷺ ہجرت ۸ میں غنیمت کے اموال تقسیم کرتے وقت حضور پرنور ﷺ نے اہل مکہ کے نومسلموں کو خوب نوازا تا کہ ان کے دل اسلام سے مانوس ہو جائیں (کیونکہ یہ مؤلفۃ القلوب تھے) اور جو عداوت کرتے رہے ان کو پہلے تو فتح مکہ کے دن عفو و درگزر سے مشرف فرمایا پھر حنین کے غنائم ہجرت ۸ میں تقسیم کرتے ہوئے توقع سے بہت زیادہ عطا فرما کر ان کے دلوں کو بغض، حسد اور غیظ و شرپسندی کی آتشوں سے پاک کیا۔ اس مقام پر صوفیوں نے اپنی تصنیفات میں لکھا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دولت دنیا کی حرص و ہوس سے بالاتر ہو کر یہ کام کرتے عبد القدوس رضی اللہ عنہ سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کا ... (علیہم السلام) ان میں کی ... کیسی عظیم الشان سخاوت ہے ایسا سخی مال کر رہے ہیں، وہ حکمت میں بھی حد کا ... کر رہے ہیں خود حضور نبی کریم ﷺ فرماتے اور خوب فرماتے ہیں

إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ

ترجمہ میں بسا اوقات ایک شخص کو مال کثیر دیتا ہوں حالانکہ دوسرا شخص مجھے اس شخص سے زیادہ عزیز ہوتا ہے۔ میں اس کو اس لیے زیادہ دیتا ہوں تا کہ وہ پھسل نہ جائے اور سے دوزخ میں اوندھا کر کے نہ پھینک دیا جائے۔

یہاں صرف ایک دو مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

ابوسفیان رضی اللہ عنہ بن حرب کو چالیس اوقیہ چاندی اور سو اونٹ دیئے گئے۔ انہوں نے عرض کی میرا بیٹا یزید بھی لشکر اسلام میں شامل تھا تو اسے بھی یہی کچھ پھر یونہی اس کے کہنے پر ان کے دوسرے بیٹے معاویہ رضی اللہ عنہ کو بھی اتنا ہی عطا ہوا تو اس جود و سخا سے متاثر ہو کر جناب ابوسفیان پکار اٹھے۔

بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَأَنْتَ كَرِيمٌ فِي الْحَرْبِ وَفِي السِّلْمِ لَقَدْ حَارَبْتُكَ فَنِعْمَ الْمُحَارِبُ كُنْتَ
وَلَقَدْ سَالَمْتُكَ فَنِعْمَ الْمُسَالِمُ أَنْتَ هٰذِهِ غَايَةُ الْكَرَمِ، جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا

ترجمہ اے اللہ کے پیارے رسول میرے ماں باپ حضور ﷺ پر قربان بیشک آپ جنگ میں بھی کریم ہیں اور صلح میں بھی کریم ہیں۔ میں نے آپ سے جنگ بھی کی تو آپ بہترین محارب تھے (یعنی جس سے جنگ کی جائے) پھر میں نے آپ سے صلح کی تو آپ بہترین صلح کرنے والے ہیں۔ یہ تو جود و کرم کی انتہا ہے، جزاک اللہ خیرا (اللہ آپ کو بہترین جزا عطا فرمائے)

یونہی صفوان بن امیہ ان لوگوں میں سے تھے جنہیں حضور پرنور ﷺ نے بہت کچھ عطا فرمایا حتی کہ وہ یہ کہنے پر مجبور ہو گئے

مَا زَالَ رَسُولُ اللّٰهِ يُعْطِينِي مِنْ غَنَائِمِ حُنَيْنٍ وَهُوَ أَبْغَضُ الْخَلْقِ إِلَيَّ حَتّٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْهُ

ترجمہ یعنی حضور حنین کے اموال غنیمت سے عطا فرماتے گئے، عطا فرماتے گئے یہاں تک کہ ذات پاک مصطفٰے (علیہ التحیۃ والثناء) جو میرے نزدیک اللہ کی ساری مخلوق سے زیادہ مبغوض تھی، سب سے زیادہ محبوب ہو گئی۔

پھر یہ خصوصی نوازشات حضور اکرم نورِ مجسم ﷺ نے مال غنیمت میں جو اپنا خمس تھا اس سے کی تھیں۔

انصار کی سعادت جب ہجرت ۸ کے اموال غنیمت حضور پرنور ﷺ نے قریش و دیگر اقوام عرب کو عطا فرمائے اور انصار کرام نے اس میں سے کوئی شے نہ پائی۔ انہیں (اس خیال سے کہ شاید حضور اقدس ﷺ کی ہم پر وہ نظر توجہ و کرم نہ رہی، شاید اب اپنی قوم قریش کی طرف زیادہ التفات فرمائیں۔ محققین نے سنت عشاق (کہ وہ دوسروں پر لطف محبوب زیادہ دیکھ کر رنجیدہ و کبیدہ ہوتے ہیں) ملال گزرا یہاں تک کہ بعض کی زبان پر بعض کلمات شکایت آمیز آئے۔ حضور اقدس ﷺ نے سنا، خاطر انور پر ناگوار گزرا، انہیں جمع کر کے ارشاد فرمایا

أَلَمْ أَجِدْكُمْ ضُلَّالًا فَهَدَاكُمُ اللّٰهُ، أَلَمْ أَجِدْكُمْ عَالَةً فَأَغْنَاكُمُ اللّٰهُ

ترجمہ (کیا میں نے تمہیں نہ پایا گمراہ، پس اللہ عزوجل نے تمہیں راہ دکھائی، کیا میں نے تمہیں نہ پایا محتاج، پس اللہ تعالیٰ نے تمہیں تونگری دی) اور صحیح بخاری، مسلم و مسند احمد میں یوں ہے

يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ أَلَمْ أَجِدْكُمْ ضُلَّالًا فَهَدَاكُمُ [illegible]

(یعنی اے گروہ انصار، [illegible]

آپس میں پھوٹ تھی [illegible]

لوگوں کی تھی) رواہ عن عبداللہ بن زید [illegible]

عن ابی سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہم [illegible]

[illegible] رسول اللہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] أبي شيبة في مصنفه عن أبي سعيد [illegible]

جیسے تم جن کے انصار کے [illegible] خدشات دور ہو گئے ان کا ترجمہ یہ ہے۔

اے تم، باقی یہ معمولی چیز کیلئے [illegible] دلوں میں [illegible]

[illegible] دلوں میں اسلام کی الفت پیدا ہو جائے [illegible]

تمہارے اسلام کے سپرد کر دیا۔

اے گروہ انصار! کیا تم اس بات پر راضی نہیں [illegible]

کے رسول (مکرم) کو اپنے ساتھ لے کر اقامت گاہوں میں [illegible]

ہے (جو نعمت عظمیٰ) تم لے کر لوٹ رہے ہو ان چیزوں سے بہتر ہے جو وہ لے کر لوٹ [illegible]

الْأَنْصَارِ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالشَّاءِ وَالْبَعِيرِ وَتَرْجِعُونَ بِرَسُولِ اللهِ [illegible]

مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَمَا تَنْقَلِبُونَ بِهِ خَيْرٌ مِمَّا يَنْقَلِبُونَ بِهِ)

اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ایک فرد ہوتا

دوسرے لوگ اگر ایک گھاٹی اور وادی میں چلتے اور انصار دوسری گھاٹی اور وادی میں چلتے تو میں انصار کی گھاٹی اور وادی میں چلتا:

انصار میری چادر کا اندرونی حصہ ہیں اور دوسرے لوگ چادر بیرونی حصہ (الْأَنْصَارُ شِعَارٌ وَالنَّاسُ دِثَارٌ)

آخر میں حبیب خدا علیہ التحیۃ والثناء نے اپنے وفاداروں کیلئے دعا فرمائی

اَللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْأَنْصَارَ وَأَبْنَاءَ الْأَنْصَارِ وَأَبْنَاءَ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ

ترجمہ: اے اللہ انصار پر رحم فرما، انصار کے بیٹوں پر رحم فرما، انصار کے پوتوں پر رحم فرما۔

حضور پرنور ﷺ کے نورانی کلمات جیسے انصار کے [illegible] سے نکل کر عشق [illegible]

تھے۔ روتے روتے ان کی داڑھیاں تر ہو گئیں اور سب نے یک زبان عرض کی

رَضِينَا بِاللهِ رَبًّا وَبِرَسُولِ اللهِ قَسْمًا وَحَظًّا

ترجمہ: ہم اللہ کو اپنا رب ماننے پر راضی ہیں اور رسول اللہ ﷺ جو ہمیں ملے اس حصہ [illegible]

مالک بن عوف نصری کی حاضری ہوتا ہے [illegible]

یہ وظیفہ [illegible] ارشاد ہوا کہ میری طرف سے پیغام پہنچا دو [illegible] سلام قبول کر کے [illegible]
[illegible] کی دالیں [illegible] اور [illegible] ایک [illegible]
[illegible] جن میں دو شعر [illegible] ﷺ سے [illegible]
[illegible]

ما ان رایت ولا سمعت بواحد ۔۔۔ فی الناس کلہم بمثل محمد
اوفی واعطی للجزیل لمجتدی ۔۔۔ ومتی تشأ یخبرک عما فی غد

[illegible] لوگوں میں محمد ﷺ کے مثل [illegible]
[illegible]
[illegible] مجھے محمد ﷺ کی خبر بتا دیں ﷺ
سیدنا [illegible] ﷺ نے [illegible] سردار فرمایا

بدنصیبوں کا باپ ذوالخویصرہ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار ہم حضور پرنور ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے اور حضور ﷺ حنین کے موقع پر مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے۔ اسی دوران ذوالخویصرہ جو بنی تمیم کا ایک شخص تھا، حاضر ہو کر بولا یا رسول اللہ عدل کیجئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا ارے کمبخت اگر میں عدل و انصاف نہ کروں تو کون کرے گا، اگر میں عدل و انصاف نہ کروں تو تیری خرابی اور بربادی ہوگی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) اس کی گردن اڑانے کی مجھے اجازت دیجئے۔ ارشاد ہوا رہنے دو۔ اس کے ساتھی ایسے ہوں گے کہ تم میں کوئی اپنی نماز کو ان کی نمازوں کے سامنے حقیر جانے گا اور اپنے روزے کو ان کے روزوں کے سامنے حقیر سمجھے گا۔ قرآن پڑھیں گے مگر حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ یہ لوگ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے زوردار تیر جانور سے پار ہو جاتا ہے۔ اس کے پھال دیکھے تو کچھ نہیں، پٹھے میں دیکھے تو کچھ نہیں، بانس میں دیکھے تو کچھ نہیں (نہ گوشت نہ خون) (بخاری شریف، کتاب المناقب)

اپنے دور کے مفتی مکہ اور مورخ اعظم حضرت علامہ احمد بن زینی دحلان مکی شافعی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں اور سب سے زیادہ واضح بات یہ ہے کہ ابن عبدالوہاب نجدی کا سلسلہ نسب بنی تمیم سے ہے، اس لئے کچھ بعید نہیں کہ وہ اسی ذوالخویصرہ تمیمی کی نسل سے ہو جس کے متعلق اسی حدیث بخاری میں ذکر آیا ہے۔ (الدرر السنیہ)

کعب بن زہیر: زہیر عرب کے مشہور ترین شعراء میں سے تھا۔ اس کا ایک بیٹا بجیر تو مسلمان ہو گیا مگر کعب روگردان رہا بلکہ اسلام کے خلاف ہرزہ سرائی بھی کرتا تھا۔ اسے کیفر کردار تک پہنچانے کی دھمکی بھی اسی کے بھائی نے دی۔ بہرحال وہ سمجھ گیا اور ایک قصیدہ مدحیہ لکھ کر حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کی بارگاہ اقدس میں عذر سے تائب ہو کر امان طلب ہوا۔ حبیب کریم رؤف و رحیم علیہ التحیۃ والتسلیم نے معاف فرما دیا۔ اس نے اپنا قصیدہ سنایا جب یہ دو شعر آئے تو حضور پرنور ﷺ نے حاضرین کو اشارہ سے فرمایا کہ ان شعروں کو غور سے سنو

اِنَّ الرَّسُوْلَ لَنُوْرٌ یُّسْتَضَاءُ بِہٖ ۔۔۔ مُھَنَّدٌ مِّنْ سُیُوْفِ اللّٰہِ مَسْلُوْلُ
نُبِّئْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوْعَدَنِیْ ۔۔۔ وَالْعَفْوُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَاْمُوْلُ

بیشک رسول کریم ﷺ وہ نور ہیں جن سے روشنی حاصل کی جاتی ہے حضور ﷺ اللہ کی تلواروں میں سے ایک بے نیام تلوار ہیں مجھے بتایا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے دھمکی دی ہے، جبکہ اللہ کے رسول سے تو عفو و درگزر کی امید کی جاتی ہے،

حضور انور واقدس ﷺ نے اپنی چادر مبارک عنایت فرمائی۔

☆ ☆ ☆

اقبال احمد ملک

مجید نظامی کا یوم حق

میں نظامی ہوں .... میں بریلوی ہوں

۳ جون کو لاہور کے اعلیٰ افسران کی خوبصورت رہائش گاہ بنی اوٹر میں قائد اعظم فورم کے زیر اہتمام ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس کی صدارت ڈاکٹر صفدر حسن شاہ نے کی اس تقریب میں ملک کے سرکردہ سیاسی رہنماؤں نے اظہار خیال کیا۔ وہاں جسٹس (ر) ناصرہ جاوید اقبال نے بھی تقریر کی۔ محترمہ نے قائد اعظم مرحوم کو سیکولر اور پاکستان کو ایک سیکولر سٹیٹ بنانے کا مشورہ دیا ناصرہ جاوید اقبال اور ایسے چند دوں سیکولرز ذہن رکھنے والوں کے متعلق اسی تقریب میں مجید نظامی نے کھل کر کہا کہ قائد اعظم اور پاکستان کے متعلق ایسے خیالات کا اظہار کرنے والے نہ پاکستانی ہیں نہ قائد اعظم کے فکر سے شناسا ہیں۔ اپنی تقریر میں مجید نظامی نے برملا اعلان کیا کہ "میں نظامی ہوں میں بریلوی ہوں" دوسرے لفظوں میں میری روحانی نسبت خواجہ نظام الدین ولی اللہ سے ہے اور میرا اعتقادی مسلک دو قومی نظریہ کے ترجمان امام احمد رضا خاں بریلوی سے ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ ایک عرصے سے نظریہ پاکستان کی ترجمانی

فکر اقبال کے حامی قائد اعظم کے نظریات کو اسلامی اور پاکستان کو ایک اسلامی سٹیٹ قرار دینے پر زور دے رہے ہیں۔ وہ ان لوگوں کے خلاف تلوار بنے رہے ہیں جو پاکستان کی تشکیل کے خلاف کام کرتے رہتے ہیں وہ قائد اعظم کو سیکولر کہنے والوں کی مذمت کرتے رہتے ہیں وہ قائد کے نظریات کے ترجمان کی حیثیت سے سامنے آرہے ہیں وہ پاکستان کو ایک اسلامی سٹیٹ جس میں نظام مصطفےٰ کا نفاذ ہوگا۔ دیکھنا چاہتے ہیں۔

مجید نظامی صاحب کئی بار اپنے خیالات کے اظہار کے موقعہ پر سب دینی قوتوں سے رواداری کا ثبوت دیتے رہے ہیں مگر آپ نے اس تقریب میں کھل کر کہا۔ میں مسلمان ہوں ---- میں نظامی ہوں!

میں بریلوی ہوں! میں پاکستانی ہوں!

ہم نظامی صاحب کے اس اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں اور نظریہ پاکستان کے خلاف تمام قوتوں۔ پاکستان کو سیکولر سٹیٹ اور بانی پاکستان کو سیکولر اور علامہ اقبال کو سیکولر قرار دینے والوں کے خلاف ان کا یہ اعلان ہر پاکستانی کی آواز قرار دیتے ہیں جن لوگوں نے پاکستان کے خلاف کام کیا۔ قائد اعظم کو کافر اعظم کہا پاکستان بنانے کے "گناہ" میں شامل ہونے سے اجتناب کیا پھر یہ لوگ بھی ہیں جنہوں نے پاکستان کو سیکولر سٹیٹ بنانے کیلئے راستے ہموار کئے ہیں۔ نظریہ پاکستان کو غلط قرار دیا۔ سرحدوں کو مٹانے اور ہاتھوں پر تلک لگا کر "رواداری" کے نعرے بلند کرنے والے لوگوں کو نظامی صاحب کے اس اعلان کے بعد اپنا قبلہ درست کر لینا چاہیے۔

مجید نظامی صاحب روحانی طور پر اولیا اللہ کے عقیدت مند ہیں اعتقادی طور پر امام احمد رضا بریلوی کے مسلک کے حامی ہیں۔ انہوں نے یہ بات کھل کر کہی ہے اس لئے سب بے دین افراد کو تسلیم کر لینا چاہیے کہ یہ ملک اقبال کا ہے، یہ ملک قائد اعظم کا ہے، یہ ملک اسلام کا ہے، یہ ملک نظام مصطفےٰ کیلئے ہے۔ پاکستان کے عوام کی اکثریت اور عوام کی بے پناہ قوت مجید نظامی کے اس نعرے کی ہمنوا ہے۔

اور انہیں کھل کر اپنا مسلک پیش کرنے پر ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔ آج پاکستان کی عظیم اکثریت پاکستان کو سیکولر نہیں اسلامی سٹیٹ دیکھنا چاہتی ہے۔

علمِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

[illegible]

[illegible] ... [illegible]

[illegible] ... مشکوٰۃ شریف ص ۲۹۸ ... [illegible]

[illegible] ... ص ۲۲۰

ترجمہ: [illegible] ... رسول اللہ ﷺ ... [illegible] ... بیان ... [illegible] ... ابتدائے آفرینش سے [illegible] قیامت تک [illegible] ... [illegible]

☆ [illegible] ... مسلم ... [illegible] ... بیان فرمایا ہے۔

[illegible] ... صَعِدَ الْمِنْبَرَ ... [illegible]

[illegible] ... مسلم شریف ج ۲ ص ۳۹۰ مشکوٰۃ ص ۵۳۵ ... [illegible]

[illegible] ... ص ۳۲۲

ترجمہ: حضرت [illegible] ... رسول اللہ ﷺ ... [illegible]

اور وعظ فرمانا شروع کیا حتیٰ کہ ظہر کا وقت آگیا۔ چنانچہ آپ منبر شریف سے اترے اور ظہر کی نماز ادا فرمائی۔ پھر آپ منبر شریف پر رونق افروز ہوئے اور وعظ فرمانے لگے یہاں تک کہ عصر کا وقت ہو گیا آپ پھر اترے اور عصر کی نماز ادا فرمائی اور پھر آپ منبر پر جلوہ فگن ہوئے اور وعظ فرمانے لگے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا چنانچہ آپ نے ہمیں بتا دیا جو کچھ ابتدائے آفرینش سے لے کر آج تک ہو چکا تھا اور جو آئندہ قیامت تک ہونے والا تھا۔ اب ہم میں زیادہ علم والا وہ شخص ہے جس نے زیادہ یاد رکھا۔

☆ یہ روایت دیگر کتب احادیث کے علاوہ بخاری اور مسلم کی متفق علیہ روایت ہے اور محدثین حضرات اس بات کو مانتے ہیں کہ جس روایت پر بخاری و مسلم کا اتفاق ہو جائے وہ روایت سب سے زیادہ صحیح ہوتی ہے لہٰذا اس روایت کی صحت پر یقیناً کسی کو کوئی شک و شبہ نہ ہوگا۔

☆ مشہور اہل حدیث محدث مولوی محمد بن ابراہیم جونا گڑھی نے بھی حضور ﷺ کے اس خطبہ کو نقل کیا ہے لکھتے ہیں۔ حضرت عمرو بن اخطب انصاری رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ۔

صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَوْمًا الْفَجْرَ وَصَعِدَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَخَطَبَنَا حَتّٰی حَضَرَتِ الظُّهْرُ فَنَزَلَ فَصَلّٰی ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰی حَضَرَتِ الْعَصْرُ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰی ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰی غَرَبَتِ الشَّمْسُ فَاَخْبَرَنَا بِمَا هُوَ كَائِنٌ اِلٰی يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَاَعْلَمُنَا اَحْفَظُنَا (رواہ مسلم، خطبات محمدی ۵)

ترجمہ: یعنی رسول اللہ ﷺ نے ایک دن ہمیں صبح کی نماز پڑھا کر منبر پر

[illegible] کا وقت [illegible]
[illegible] پڑھ گئے اور خطبہ شروع [illegible]
[illegible] عصر [illegible] کا وقت [illegible] تو آپ [illegible]
[illegible] خطبہ [illegible] شروع [illegible] حتیٰ کہ [illegible]
[illegible] آپ [illegible] کوئی [illegible] تھی جو قیامت تک پیش
[illegible] نہیں

یہ مذکورہ بالا حدیث حضرت مولوی محمد [illegible]
[illegible] حضور ﷺ کا ایک خطبہ بیان کرتے
[illegible] آپ کو حضور ﷺ کا ایک [illegible]
[illegible] حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک
دن حضور ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی اور پھر منبر پر بیٹھ گئے
یہاں تک کہ ظہر کی نماز پڑھی۔ پھر عصر کی [illegible] پھر [illegible]
[illegible] نماز پڑھی۔ آپ نے تو اپنی جگہ سے [illegible]
[illegible] لوگ [illegible] ہونے لگے تو صحابہ نے صدیق اکبر
رضی اللہ عنہ سے کہا آپ حضور ﷺ سے دریافت تو کیجئے کہ آج کیا بات
تھی۔ [illegible] تو کبھی نہیں ہوا۔ حضرت صدیق اکبر پوچھیں [illegible]
[illegible] آپ [illegible] صحابہ کے اس مجمع میں بیان کرنا شروع [illegible]
[illegible] فرمایا [illegible] مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ
[illegible] حدیث نمبر ۵۱)

[illegible] آخرت کے وہ تمام امور میرے سامنے پیش کئے گئے جو
[illegible] والے ہیں۔ (اگے ان امور کے کچھ واقعات سے متعلق
[illegible] روایت ہے۔ [illegible] روایت سے حضور ﷺ کی یہ شان ظاہر ہوتی ہے
[illegible] کہ آپ صحابہ کرام کے درمیان بیٹھے ہوئے بھی تمام [illegible] کو
[illegible] دیتے ہیں۔ (سبحان اللہ والحمد للہ)

☆ امام ترمذی نے "مَا أَخْبَرَ النَّبِيُّ ﷺ أَصْحَابَهُ بِمَا هُوَ
[illegible]" کے عنوان کے ساتھ ایک باب باندھا ہے اور اس
[illegible] میں آپ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی جو روایت بیان فرمائی
ہے اس کے الفاظ اس طرح ہیں۔
عَنْ [illegible] سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ
[illegible] صَلٰوةَ الْعَصْرِ بِنَهَارٍ ثُمَّ قَامَ خَطِيبًا [illegible]

[illegible]
[illegible]
ترجمہ: [illegible] رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک [illegible]
[illegible] ﷺ نے [illegible] ساتھ عصر کی نماز [illegible] پھر آپ
[illegible] خطبہ [illegible] آپ نے قیامت تک ہونے والی چیز نہ
چھوڑی [illegible] جس نے یاد رکھا اور جس نے بھلا دیا
جس کو بھول گیا۔

☆ امام ابوداؤد نے حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے
حوالے سے [illegible] بیان فرمایا ہے۔
[illegible]
[illegible]
[illegible] ۲۲۶

ترجمہ: حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ جناب
رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور آپ نے قیامت
تک کی ہر ایک چیز کو بیان فرما دیا۔ یاد رکھا جس نے یاد رکھا اور بھلا دیا
جس نے بھلا دیا۔

☆ امام ابوداؤد نے اسی روایت کو ان الفاظ کے ساتھ بھی بیان فرمایا۔
عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ [illegible] اَلْيَوْمَ [illegible] أَنَسِيَ أَصْحَابِي أَمْ [illegible]
[illegible] مِنْ قَائِدِ فِتْنَةٍ إِلٰى أَنْ تَنْقَضِيَ الدُّنْيَا
يَبْلُغُ مَنْ مَعَهُ [illegible] إِلَّا قَدْ سَمَّاهُ لَنَا بِاسْمِهِ وَاسْمِ
أَبِيهِ وَاسْمِ قَبِيلَتِهِ (ابو داؤد شریف ج ۲ ص ۲۲۶، مشکوٰۃ شریف ص ۴۶۳، [illegible]
[illegible] ۵۱)

ترجمہ: حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں خدا کی قسم میں کچھ نہیں
[illegible] کہ میرے ساتھی (صحابہ کرام) اس واقعہ کو بھول گئے ہیں یا [illegible]
کہتے ہیں کہ ہم بھول گئے ہیں۔ اللہ خدا کی قسم جناب رسول ﷺ نے نہیں
چھوڑا کسی فتنہ برپا کرنے والے کو دنیا کے ختم ہونے تک جس کے ساتھ تین
سو یا اس سے زیادہ آدمی ہوں گے مگر آپ نے ہمارے سامنے اس فتنہ
کے قائد کا نام اس کے باپ کا نام اور اس کے قبیلے کا نام بیان فرمایا۔

☆ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی روایت کو [illegible] نے
بھی کئی طریقوں سے بیان فرمایا ہے چنانچہ [illegible] فرماتے ہیں

[illegible]

ترجمہ: حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں خدا کی قسم میں ان تمام فتنوں کے متعلق تمام لوگوں سے زیادہ جاننے والا ہوں جو قیامت تک ہونے والے ہیں۔ (اس کی وجہ یہ ہے کہ) ایک مجلس میں جناب رسول اللہ ﷺ نے (ان تمام) فتنوں کو بیان فرمایا تھا اور میں بھی اس مجلس شریف میں موجود تھا۔

☆ آگے آپ حضرت حذیفہ کی ایک اور روایت ایک اور معتبر سند کے ساتھ یوں فرماتے ہیں

عن حذیفة انه قال اخبرنی رسول الله ﷺ بما هو كائن الى ان تقوم الساعة (مسلم شریف ۲ ص ۳۹۰)

ترجمہ: حضرت حذیفہ فرماتے ہیں جناب رسول کریم ﷺ نے قیامت تک ہونے والی ہر بات مجھے بتادی۔

☆ امام مسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے ایک لمبی روایت بیان کی ہے جس کے آخر میں ہے

فجاءهم الصريخ ان الدجال قد خلفهم في ذراريهم فيرفضون ما في ايديهم ويقبلون فيبعثون عشرة فوارس طليعة قال رسول الله ﷺ اني لاعرف اسماءهم واسماء آبائهم والوان خيولهم (مسلم شریف ۲ ص ۳۹۲)

ترجمہ: یعنی لشکر اسلام روم کی فتح کے بعد مال غنیمت بانٹ رہے ہوں گے کہ چیخ کر ایک آدمی کہے گا کہ تمہارے پیچھے دجال ان کے بال بچوں میں آگیا ہے چنانچہ وہ مسلمان مال غنیمت کو وہیں چھوڑ دیں گے اور دس گھوڑے سواروں کو دجال کی خبر لانے کیلئے روانہ کریں گے۔ جناب رسول ﷺ نے فرمایا میں ان سواروں کے نام، ان کے باپوں کے نام اور ان کے گھوڑوں کے رنگ بھی جانتا ہوں۔

☆ نیز امام بخاری کے استاد جناب ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ اپنی مصنف میں جناب عبداللہ بن مسعود سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے بیان فرمایا۔

فجاءهم الصريخ ان الدجال قد خلف في ذراريهم فيرفضو

[illegible] (۱۵۱)

ترجمہ: [illegible]

اسی حدیث کے تحت شارح مشکوۃ علامہ قطب الدین خان صاحب لکھتے ہیں یعنی احوال مبداء اور معاد کا اول سے آخر تک سب بیان فرمایا [illegible] کہ حضرت ﷺ نے بیان کیا احوال سب مخلوقات کا [illegible] کے درمیان کیا احوال [illegible] یہاں تک کہ داخل ہوں جنتی اس میں [illegible] (مظاہر حق ۴ ص ۷۴۴)

☆ بعض دوستوں کا یہ خیال ہے کہ حضور ﷺ جو بھی علوم غیب بیان فرماتے تھے وہ آپ کو جبریل بتاتا جاتا تھا اور آپ بیان فرمادیتے تھے۔ تو گزارش ہے کہ یہ نظریہ غلط ہے کیونکہ حدیث مذکورہ کے مطابق جو حضور پرنور ﷺ نے ماکان وما یکون کی خبریں ارشاد فرمائی ہیں اس کے تحت آج تک کسی معتبر صحیح حدیث سے یہ نہیں مل سکا کہ جبریل آپ کے پاس کھڑا ہوکر آپ کو بتاتا جاتا تھا اور حضور ﷺ فرماتے جاتے تھے۔ اگر کسی دوست کو کسی معتبر و مستند کتاب سے کوئی حوالہ مل سکے تو مجھے بھی اطلاع دیں۔ شکریہ۔ فقالوا یا شیخ انکم ان کنتم صادقین قال ثم تعلموا او لن تفعلوا فاتقوا النار التي وقودها الناس والحجارة

سر عرش پر ہے تیری گزر — دل فرش پر ہے تیری نظر
ملکوت وملک میں کوئی شے نہیں — وہ جو تجھ پہ عیاں نہیں

حدیث نمبر2

عن ابي هريرة قال وكلني رسول الله ﷺ بحفظ زكوة رمضان فاتاني آت فجعل يحثو من الطعام فاخذته وقلت والله لارفعنك الى رسول الله ﷺ قال اني محتاج وعلي عيال ولي حاجة شديدة قال فخليت عنه فاصبحت فقال النبي ﷺ يا ابا هريرة ما فعل اسيرك البارحة قال قلت يا رسول الله شكا حاجة شديدة وعيالا فرحمته فخليت سبيله قال اما انه قد كذبك وسيعود فعرفت انه سيعود لقول رسول الله ﷺ انه سيعود

[illegible] رسول الله صلى الله عليه وسلم [illegible]
[illegible]
[illegible] آية الكرسي الله لا إله إلا هو الحي القيوم [illegible] لن يزال عليك من الله حافظ ولا يقربك شيطان حتى تصبح [illegible]
